DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 04.09.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | دہشتگرد بلوچستان کے امن اور ترقی کے دشمن ہیں، وزیر اعظم، وزیر اعلیٰ سے رابطہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | دیہی ترقی اور عوام کا معیار زندگی بہتر بنانا ترجیحات میں شامل ہے، گورنر مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | کوئٹہ دھماکہ انسانیت دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی ہے، علی حسن زہری | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | گرین بیلٹ میں نہری پانی کی چوری روکی جائے، صادق عمرانی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنائیں گے، شعیب نوشیروانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | پاک چین بی ٹو بی سرمایہ کاری کانفرنس تاریخی موقع ہے، بلال کاکڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | حکومت بلوچستان کا 6 ستمبر کو عام تعطیل کا اعلان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | کوئٹہ دھماکہ حکومت کا شہدا کے لواحقین کیلئے 15.15 لاکھ کا اعلان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | کوئٹہ خودکش حملہ کا مقدمہ درج ایک اور زخمی چل بسا تعداد 15 ہوگئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | ممکنہ سیلاب، نصیر آباد اور سبی ڈویژن میں دفعہ 144 نافذ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | ریاست سستا اور فوری انصاف یقینی بنائے گی، جسٹس گل حسن ترین | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | BISP پروگرامز سے خواتین کو نئے مواقع مل رہے ہیں، کرن بلوچ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | تباہ کن سیلاب کے اثرات بلوچستان سمیت ملک بھر میں سبزیاں 100 فیصد سے زائد مہنگی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | عوام کے جان ومال کا تحفظ انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، کمشنر کوئٹہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | بلوچستان ممکنہ سیلاب پیس متاثرہ علاقوں میں امدادی سامان پہنچا دیا گیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | حکومت سریاب دھماکے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کرائے، جمعیت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | سریاب دھماکہ جعلی حکومت کی نااہلی کا واضح ثبوت ہے، ایچ ڈی پی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | شاہوانی اسٹیڈیم دھماکہ نیشنل پارٹی کا تین روز سوگ کا اعلان | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

آواران میں ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ دو سیکورٹی اہلکار شہید، دکی نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص قتل، کوئٹہ حوالہ ہنڈی میں ملوث گینگ کے دو ملزمان گرفتار

## عوامی مسائل:

چوہڑمل روڈ کے تعمیراتی کام میں تاخیر سے دکانداروں کو پریشانی کا سامنا

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 04.09.2025

**اداریہ:**

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے "**بلوچستان میں خودکش دھماکہ** "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وطن عزیز ایک عرصہ سے دہشت گردی کی زد میں ہے خاص طور پر صوبہ پختونخوا میں فتنہ الخوارج اور بلوچستان میں فتنہ الہندوستان اپنے سہولت کاروں کے ذریعے سرگرم عمل ہیں اور آئے دن کوئی نہ کوئی واقعہ یا حادثہ رونما ہو جاتا ہے جس میں بیش قیمت انسانی جانیں تلف ہو جاتی ہیں ایسا ہی ایک سانحہ بلوچستان میں سریاب روڈ پر شاہوانی اسٹیڈیم کے قریب خودکش حملہ میں ایک پولیس اہلکار سمیت 14 افراد شہید سابق ایم پی اے سمیت 33 افراد شدید زخمی ہو گئے خودکش حملہ آور نے سردار اختر مینگل، محمود خان اچکزئی، اے این پی رہنما اصغر اچکزئی سمیت دیگر رہنماؤں کی گاڑیوں کے قریب خود کو دھماکے سے اڑا لیا گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ انسانیت دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی ہے سب کے علم میں ہے کہ پاکستان میں ہونے والی دہشت گردی کے پیچھے بھارت ہے حال ہی میں منعقد ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم میں بھی بھارت کی ان مذموم حرکات کا ذکر کیا گیا دراصل 10 مئی 2025 کو بھارت کو پاکستان کے ہاتھوں جس ذلت آمیز شکست کا سامنا کرنا پڑا اس کے بعد بھارت کی پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں غیر متوقع نہ تھیں ایسا بھی نہیں کہ ہمارے جری ادارے اس سے بے خبر تھے چنانچہ بہت سے خوارج کو ایسی کارروائیوں سے قبل اور دوران واصل جہنم کیا گیا۔

**اداریے :**

روزنامہ سینچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**دہشت گردی کی کارروائیاں**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بی این پی کے جلسہ میں دھماکہ، سیاسی انتشار وانارکی پھیلانے کی سازش**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**صوبے کے تمام علاقوں کو یکساں ترقی ہمارا عزم**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Quetta Attack" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 04 SEP 2025 Page No. 1


## دہشتگرد بلوچستان کے امن اور ترقی کے دشمن ہیں، وزیراعظم، وزیراعلیٰ سے رابطہ

**صدر زرداری، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی اور اسپیکر ایاز صادق کی بھی کوئٹہ میں دھماکے کی مذمت**

اسلام آباد (نیوز رپورٹر، نمائندہ خصوصی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کوئٹہ میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے جلسے میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی جلسے پر حملہ بلوچستان میں دہشتگردوں کی انتشار پھیلانے کی گھناؤنی سازش کا منہ بولتا ثبوت ہے، وزیراعظم نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز احمد بگٹی سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور کوئٹہ میں ہونے والے دھماکے پر اظہار افسوس اور قیمتی جانوں کے ضیاع پر دکھ اور رنج کا اظہار کیا۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان میں وزیراعظم نے دھماکے کے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی اور انہیں بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے، دھماکے میں ملوث افراد کی جلد نشاندہی کرکے انہیں قرار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت کی، انہوں نے کہا ہے کہ دہشت گرد بلوچستان کے امن اور ترقی کے دشمن ہیں، دہشتگردی کی عفریت کے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 04 SEP 2025 Page No. 2

# دیہی ترقی اور عوام کا معیار زندگی بہتر بنانا ترجیحات میں شامل ہے، گورنر مندوخیل

**دورافتادہ اور پسماندہ علاقوں کی ترقی اور تعمیری تبدیلی کیلئے پرعزم ہیں، تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرینگے، کان مہترزئی میں جرگہ سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ ہم دورافتادہ اور پسماندہ علاقوں کی ترقی اور تعمیری تبدیلی کیلئے پرعزم ہیں، منتشر آبادی کی وجہ سے دورافتادہ اضلاع کے لوگوں کو تمام سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ایک بڑا چیلنج ہے۔ ہمیں سہولیات اور مواقعوں کے فقدان کا خوب احساس ہے جن کا آپ سب کو روزانہ سامنا کرنا پڑتا ہے، ہم اپنی استطاعت کے مطابق صحت کی سہولیات، تعلیم، پانی، سڑک اور بجلی کے حوالے سے درپیش مشکلات ترتیب وار حل کرینگے، کان مہترزئی میری اور میرے ہمراہ صوبائی وزراء کی عزت افزائی اور پرتپاک استقبال پر آپ سب خراج تحسین کے مستحق ہیں، آپ کے تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کانز مہترزئی میں سیاسی رہنماؤں، قبائلی عمائدین اور عوامی نیشنل پارٹی کے کارکنوں پر مشتمل عوامی جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ایک روزہ دورے کے موقع پر گورنر بلوچستان نے گرڈ اسٹیشن کا افتتاح کیا، اس موقع پر اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن عبدالخالق اچکزئی، صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی، میر عاصم کرد گیلو، نور محمد دومڑ، رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، ہادیہ نواز، عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما ملک امان اللہ مہترزئی اور سابق رکن صوبائی اسمبلی شاہینہ کاکڑ سمیت عوام کی بڑی تعداد موجود تھی۔ شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ شہروں پر دباؤ کو کم کرنے کیلئے ہمیں تعلیم، صحت اور صاف پانی کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں میں بنیادی ڈھانچہ کو تیار کرنا چاہیے۔



کان مہترزئی: گورنر جعفر مندوخیل عوامی جرگے سے خطاب کررہے ہیں



گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل کان مہترزئی میں گرڈ اسٹیشن کا افتتاح کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

# گورنر بلوچستان کی دھماکے میں زخمی ہونیوالے افراد کی عیادت

**زخمیوں کو تمام ضروری طبی سہولیات فراہم کی جائیں، جعفرخان مندوخیل**

**دھماکے کے شدید زخمیوں کی فوری منتقلی کا انتظام کرنے کی ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے ٹراما سینٹر میں گزشتہ رات شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے نتیجے میں زخمی ہونے والے بی این پی کے سیاسی کارکنوں...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

کی عیادت کی۔ انہوں نے وارڈ میں ہر زخمی کی فرداً فرداً کی خیریت دریافت کی ان کی حالت کا جائزہ لیا اور وہاں موجود ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی جانب سے بروقت اقدامات اور بہترین دیکھ بھال کی تعریف کی۔ گورنر بلوچستان نے خصوصی ہدایات جاری کیں کہ زخمیوں کو تمام ضروری طبی سہولیات فراہم کی جائیں

MASHRIQ QUETTA

# پسماندہ علاقوں کی ترقی اور تعمیری تبدیلی کیلئے پرعزم ہیں، گورنر بلوچستان

**صوبے میں منتشر آبادی کی وجہ سے دورافتادہ اضلاع کے لوگوں کو تمام سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ایک بڑا چیلنج ہے**

**ہم اپنی استطاعت کے مطابق صحت کی سہولیات، تعلیم، پانی، سڑک اور بجلی کے حوالے سے درپیش مشکلات ترتیب وار حل کرینگے**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ ہم دورافتادہ اور پسماندہ علاقوں کی ترقی اور تعمیری تبدیلی کیلئے پرعزم ہیں۔ منتشر آبادی کی وجہ سے دورافتادہ اضلاع کے لوگوں کو تمام سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا ایک بڑا چیلنج ہے۔ ہمیں سہولیات اور مواقعوں کے فقدان کا بخوبی احساس ہے جن کا آپ سب کو روزانہ سامنا کرنا پڑتا ہے، ہم اپنی استطاعت کے مطابق صحت کی سہولیات، تعلیم، پانی، سڑک اور بجلی کے حوالے سے درپیش مشکلات ترتیب وار حل کرینگے۔ کانز مہترزئی میری اور میرے ہمراہ صوبائی وزراء کی عزت افزائی اور پرتپاک استقبال پر آپ سب خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ ہم آپ کے احسان مند ہیں، آپ کے تمام مسائل کو ترجیح بنیادوں پر حل کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کانز مہترزئی میں سیاسی رہنماں، قبائلی عمائدین اور عوامی نیشنل پارٹی کے کارکنوں پر مشتمل عوامی جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ایک روزہ دورے کے موقع پر گورنر بلوچستان نے گرڈ اسٹیشن اور سنگر سڑک کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن عبدالخالق اچکزئی، صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی، میر عاصم کرد گیلو، نور محمد دومڑ، رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل، ہادیہ نواز، عوامی نیشنل پارٹی کے رہنما ملک آمان اللہ مہترزئی اور سابق رکن صوبائی اسمبلی شاہینہ کاکڑ سمیت عوام کی بڑی تعداد موجود تھی۔ شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ شہروں پر دباؤ کو کم کرنے کیلئے ہمیں تعلیم، صحت اور صاف پانی کے ساتھ ساتھ دیہی علاقوں میں بنیادی ڈھانچہ کو تیار کرنا چاہیے



گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل کان مہترزئی میں عوامی جرگے سے خطاب کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITA[N]

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No 1

Page No. 3

روزنامہ جنگ کوئٹہ
DAILY JANG QUETTA

جمعرات 10 ربیع الاول 1447ھ 4 ستمبر 2025ء

# دہشتگردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائیگا، سرفراز بگٹی

قیام امن کے اقدامات مؤثر بنانے کی ہدایت

سانحہ کے شہداء کے اہل خانہ کو تنہا نہیں چھوڑا جائیگا، اجلاس سے خطاب

[illegible]



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی امن وامان سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی شاہ ولی اسٹیڈیم دھماکے میں زخمی بچے کی عیادت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی یونیورسل سروس فنڈ (یو ایس ایف) کے حوالے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزراء شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے زخمی نوجوان کی عیادت کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعرات 10 ربیع الاول 1447ھ 04 ستمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 60

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email: mashriqqta2000@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 35 روپے

وزیراعلیٰ کا دھماکے کے زخمیوں کیلئے فضائی سروس بروئے کار لانے کا حکم

# دہشتگرد معصوم شہریوں کو نشانہ بنا کر اپنی بزدلی اور انسانیت دشمنی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، سرفراز بگٹی

دہشت گرد بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کے اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے سانحہ کے شہداء کے اہل خانہ کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے

پیش آنے والے واقعہ سے متعلق عوام اور میڈیا کو حکومتی اقدامات اور حقائق سے آگاہ کیا جائے تاکہ افواہوں کی حوصلہ شکنی ہو اور حقائق پر مبنی صورت حال عوام کے سامنے آئے، وزیراعلیٰ بلوچستان

یہ وقت اتحاد اور یکجہتی کا ہے تاکہ شرپسند عناصر اپنے مذموم عزائم میں ناکام ہوں 12 ربیع الاول کے پروگرامز کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان مرتب کیا جائے، اعلیٰ سطحی اجلاس میں حکام کو ہدایت

وزیراعلیٰ بلوچستان کی دھماکے کے زخمیوں کی سول ہسپتال ٹراما سینٹر اور سی ایم ایچ میں عیادت، تمام وسائل زخمیوں کی جان بچانے اور ان کے علاج معالجے کیلئے وقف ہیں، وزیراعلیٰ کی بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے زیر صدارت امن وامان سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس بدھ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات اور آئی جی پولیس سعید وزیر نے شاہوانی اسٹیڈیم میں گزشتہ شب ہونے والے دھماکے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بحالی امن کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے ........

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے فضائی سروسز بروئے کار لانے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ شاہوانی اسٹیڈیم کے سیریس زخمیوں کو ڈاکٹرز کی تجویز پر کراچی منتقل کیا جائے تاکہ انہیں بروقت اور معیاری طبی سہولیات میسر آسکیں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس مشکل وقت میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور زخمیوں کے علاج معالجے کے لیے تمام وسائل فراہم کیے جا رہے ہیں وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ تمام اسپتالوں میں ایمرجنسی انتظامات کو مزید موثر بنایا جائے اور زخمیوں کو فوری طور پر بہترین طبی ........

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

سہولیات فراہم کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے انہوں نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح انسانی جانوں کو محفوظ بنانا اور زخمیوں کو فوری ریلیف فراہم کرنا ہے اس سلسلے میں غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ حکومت کے تمام وسائل زخمیوں کی جان بچانے اور ان کے علاج معالجے کے لیے وقف ہیں اور ہر ممکن تعاون متاثرہ خاندانوں کو فراہم کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بدھ کو سول اسپتال کوئٹہ کے ٹراما سینٹر اور سی ایم ایچ کا ہنگامی دورہ کیا جہاں انہوں نے شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی اس موقع پر وزیراعلیٰ کے ہمراہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ صوبائی وزیر انڈسٹریز سردار کوہیار خان ڈومکی پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک، سینیٹر آغا شاہزیب درانی بھی ہمراہ تھے جبکہ سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن، کمشنر کوئٹہ جہانزیب خان اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان کو محکمہ صحت اور اسپتال حکام نے زخمیوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور دیگر اقدامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی میر سرفراز بگٹی نے زخمیوں اور ان کے ورثاء سے ملاقات کی اور علاج معالجے کی صورتحال دریافت کی انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات پر اظہار اطمینان کیا اور کہا کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں انہوں نے بتایا کہ شدید زخمیوں کو فضائی سروس کے ذریعے کراچی منتقل کرنے کے احکامات گزشتہ شب ہی جاری کر دیے گئے تھے وزیراعلیٰ نے کہا کہ مریض اور ان کے ورثاء مکمل اطمینان رکھیں علاج و معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی یا کمی برداشت نہیں کی جائے گی

ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کو ہدایت کی کہ گزشتہ شب پیش آنے والے واقعہ سے متعلق عوام اور میڈیا کو حکومتی اقدامات اور حقائق سے آگاہ کیا جائے تاکہ افواہوں کی حوصلہ شکنی ہو اور حقائق پر مبنی صورت حال عوام کے سامنے آئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے ذمہ دار دہشت گردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور انہیں ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دہشت گردوں کو کسی صورت بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ سانحہ کے شہداء کے اہل خانہ کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے زخمیوں کو بہترین علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں انہوں نے حکم دیا کہ شدید زخمیوں کو ضرورت پڑنے پر حکومت بلوچستان کی فضائی سروسز کے ذریعے کراچی منتقل کیا جائے تاکہ انہیں مزید بہتر علاج فراہم ہو سکے اجلاس میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ موجودہ تھریٹس الرٹ کے پیش نظر سیاسی جماعتوں اور عوام کو حکومت اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا ہوگا یہ وقت اتحاد اور یکجہتی کا ہے تاکہ شرپسند عناصر اپنے مذموم عزائم میں ناکام ہوں وزیراعلیٰ بلوچستان نے 12 ربیع الاول کے پروگرام کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان مرتب کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ عوام جلوسوں اور اجتماعات کے دوران حکومت اور اداروں سے مکمل تعاون کریں تاکہ مذہبی اجتماعات کو پرامن اور بہتر انداز میں یقینی بنایا جا سکے اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، قائمقام آئی جی پولیس بلوچستان سعید وزیر، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب کاکڑ، ڈی آئی جی عبدالغفار مگسی سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

## وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے وائس ایڈمرل محمد فیصل عباسی کی ملاقات

پاکستان انٹرنیشنل میری ٹائم ایکسپو اینڈ کانفرنس میں شرکت کی دعوت

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کو یہاں وائس ایڈمرل محمد فیصل عباسی (ہلال امتیاز) ملٹری، کمانڈر کراچی نے ملاقات کی اور پاکستان ........

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

انٹرنیشنل میری ٹائم ایکسپو اینڈ کانفرنس (PIMEC) کے دوسرے ایڈیشن میں شرکت کی دعوت دی انہوں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان نے PIMEC 2023 کے پہلے ایڈیشن میں کامیابی کے ساتھ حصہ لیا تھا اور 400 ملین امریکی ڈالر کے معاہدے بھی کیے تھے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے میں امن وامان سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے میں زخمی بچے کی عیادت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUB[LIC] RELATIONS BALOCH[ISTAN]

نظامت اعلیٰ تعلق[ات عامہ] حکومت بلو[چستان]

Bullet No. 1

Page No. 5

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 261 | جمعرات، 10 ربیع الاوّل، 4 ستمبر 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# شاہوانی سٹیڈیم دھماکے کے ذمہ داروں کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے، وزیراعلیٰ

## سانحہ کے شہداء کے اہلخانہ کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، سیاسی جماعتیں و عوام حکومت و سیکورٹی اداروں سے تعاون کریں

## 12 ربیع الاول کے پروگراموں کیلئے فول پروف سیکورٹی پلان مرتب کیا جائے، سرفراز بگٹی، اعلیٰ سطح اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے زیر صدارت امن و امان سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات اور آئی جی پولیس سعید وزیر نے شاہوانی اسٹیڈیم میں گزشتہ شب ہونے والے دھماکے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بحالی امن کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کو ہدایت (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

کی کہ گزشتہ شب پیش آنے والے واقعے سے متعلق عوام اور میڈیا کو حکومتی اقدامات اور حقائق سے آگاہ کیا جائے تاکہ افواہوں کی حوصلہ شکنی ہو اور حقائق پر مبنی صورت حال عوام کے سامنے آئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے ذمہ دار دہشت گردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور انہیں ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دہشت گردوں کو کسی صورت بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سانحہ کے شہداء کے اہل خانہ کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے زخمیوں کو بہترین علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں انہوں نے حکم دیا کہ شدید زخمیوں کو ضرورت پڑنے پر حکومت بلوچستان کی فضائی سروسز کے ذریعے کراچی منتقل کیا جائے تاکہ انہیں مزید بہتر علاج فراہم ہو سکے اجلاس میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ موجودہ تھریٹس الرٹ کے پیش نظر سیاسی جماعتوں اور عوام کو حکومت اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا ہوگا یہ وقت اتحاد اور یکجہتی کا ہے تاکہ شرپسند عناصر اپنے مذموم عزائم میں ناکام ہوں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے 12 ربیع الاول کے پروگرامز کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان مرتب کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ عوام جلوسوں اور اجتماعات کے دوران حکومت اور اداروں سے مکمل تعاون کریں تاکہ مذہبی اجتماعات کو پرامن اور بہتر انداز میں یقینی بنایا جا سکے اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، قائمقام آئی جی پولیس بلوچستان سعید وزیر، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب کاکڑ، ڈی جی لیویز عبدالغفار مگسی سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی صوبے میں امن وامان سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## وزیراعلیٰ، گورنر کا ہسپتال کا دورہ، دھماکے کے زخمیوں کی عیادت

## علاج میں کوتاہی نہ کی جائے، بہترین طبی سہولیات فراہم کریں، ڈاکٹرز کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بدھ کو سول اسپتال کوئٹہ کے ٹراما سینٹر اور سی ایم ایچ کا ہنگامی دورہ کیا جہاں انہوں نے شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی اس موقع پر وزیر اعلیٰ کے ہمراہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ صوبائی وزیر انڈسٹریز سردار کوہیار خان ڈومکی پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک، سینیٹر آغا شاہزیب درانی بھی ہمراہ تھے جبکہ سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن، کمشنر کوئٹہ (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

جہانزیب خان اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی بھی موجود تھے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو محکمہ صحت اور اسپتال حکام نے زخمیوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور دیگر اقدامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی میر سرفراز بگٹی نے زخمیوں اور ان کے ورثاء سے ملاقات کی اور علاج معالجے کی صورتحال دریافت کی انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات پر اظہار اطمینان کیا اور کہا کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں انہوں نے بتایا کہ شدید زخمیوں کو فضائی سروس کے ذریعے کراچی منتقل کرنے کے احکامات گزشتہ شب ہی جاری کر دیے گئے تھے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مریض اور ان کے ورثا مکمل اطمینان رکھیں علاج و معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی یا کمی برداشت نہیں کی جائے گی دریں اثناء گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ٹراما سینٹر میں گزشتہ رات شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے نتیجے میں زخمی ہونے والے بی این پی کے سیاسی کارکنوں کی عیادت کی۔ انہوں نے وارڈ میں ہر زخمی کی فرداً فرداً کی خیریت دریافت کی ان کی حالت کا جائزہ لیا اور وہاں موجود ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی جانب سے بروقت اقدامات اور بہترین دیکھ بھال کی تعریف کی۔ گورنر بلوچستان نے خصوصی ہدایات جاری کیں کہ زخمیوں کو تمام ضروری طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور شدید زخمیوں کی فوری منتقلی کا انتظام کریں تاکہ فوری علاج کیلئے کراچی منتقل کیا جا سکے۔ ٹراما سینٹر کے دورے کے دوران، گورنر نے بھی اس واقعے پر اپنی گہری تشویش کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور صوبائی وزراء شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں، دوسری طرف طبی امداد دی جارہی ہے

CamScanner

DIR
GENER
RELATION

...RVICE

Bullet No. 1

6

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4
قیمت 30 روپے ★ صفحات
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com.
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 4 ستمبر 2025ء بمطابق 10 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 242



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزراء شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں

آئندہ کسی جماعت کو مغرب کے بعد سرگرمی کی اجازت نہیں ہوگی، ایڈیشنل چیف سیکرٹری، 12 ربیع الاول کے لئے بھی تھریٹس ہیں، وزیراعلیٰ

# 22 خودکش حملہ آور بلوچستان میں داخل

## سرفراز بگٹی کا کوئٹہ دھماکے میں جاں بحق اور زخمیوں کیلئے امداد کا اعلان

عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، دھماکے کے ذمہ داروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائیگا، وزیراعلیٰ کا اجلاس سے خطاب، ٹراما سینٹر اور سی ایم ایچ کا ہنگامی دورہ، زخمیوں کی عیادت کی

جلسے کو سیکورٹی فراہم کی گئی تھی، خودکش حملے میں 8 کلو بارود استعمال ہوا، شرکاء نے وقت کی پابندی پر عمل نہیں کیا، جلسہ، جلوس کرنیوالے انتظامیہ سے تعاون کریں، محمد حمزہ شفقات کی مشترکہ پریس کانفرنس

کوئٹہ (انتخاب نیوز+خ ن+ایجنسیز) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے زیر صدارت امن وامان سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس بدھ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات اور آئی جی پولیس سعید وزیر نے شاہوانی اسٹیڈیم میں گزشتہ شب ہونے والے دھماکے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بحالی امن کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کو ہدایت کی کہ گزشتہ شب پیش آنے والے واقعہ سے متعلق عوام اور میڈیا کو حکومتی اقدامات اور حقائق سے آگاہ کیا جائے تاکہ افواہوں کی حوصلہ شکنی ہو اور حقائق پر مبنی صورتحال عوام کے

بقیہ نمبر 43 صفحہ 5 پر

سامنے آئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے ذمہ دار دہشت گردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور انہیں ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دہشت گردوں کو کسی صورت بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ سانحہ کے شہداء کے اہل خانہ کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے زخمیوں کو بہترین علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں انہوں نے حکم دیا کہ شدید زخمیوں کو ضرورت پڑنے پر حکومت بلوچستان کی فضائی سروس کے ذریعے کراچی منتقل کیا جائے تاکہ انہیں مزید بہتر علاج فراہم ہو سکے اجلاس میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ موجودہ تھریٹس الرٹ کے پیش نظر سیاسی جماعتوں اور عوام کو حکومت اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا ہوگا یہ وقت اتحاد اور یکجہتی کا ہے تاکہ شرپسند عناصر اپنے مذموم عزائم میں ناکام ہوں وزیراعلیٰ بلوچستان نے 12 ربیع الاول کے پروگرامز کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان مرتب کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ عوام جلوسوں اور اجتماعات کے دوران حکومت اور اداروں سے مکمل تعاون کریں تاکہ مذہبی اجتماعات کو پرامن اور بہتر انداز میں یقینی بنایا جا سکے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بدھ کو سول اسپتال کوئٹہ کے ٹراما سینٹر اور سی ایم ایچ کا

ہنگامی دورہ کیا جہاں انہوں نے شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان کو محکمہ صحت اور اسپتال حکام نے زخمیوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور دیگر اقدامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی میر سرفراز بگٹی نے زخمیوں اور ان کے ورثاء سے ملاقات کی اور علاج معالجے کی صورتحال دریافت کی انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، علاوہ ازیں ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ داخلہ و قبائلی امور بلوچستان محمد حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ شاہوانی اسٹیڈیم کے باہر خودکش حملے میں 2 پولیس اہلکاروں سمیت 15 افراد شہید جبکہ 32 زخمی ہوئے، خودکش حملے میں 8 کلو بارودی مواد استعمال ہوا جلسے کو سیکورٹی فراہم کی گئی تھی، کوئٹہ میں 22 شرپسندوں کی موجودگی کی اطلاع ہے، حکومت نے شہداء کے لیے فی کس 15 لاکھ روپے جبکہ شدید زخمی کے لیے 5 لاکھ اور معمولی زخمی کیلئے 2 لاکھ روپے کے معاوضے کا اعلان کیا ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو سی پی او آفس کوئٹہ میں ڈی آئی جی کرائم برانچ ڈاکٹر فرحان زاہد اور ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ کیپٹن (ر) محمد بلوچ کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ خودکش حملہ آور کی عمر 30 سال سے کم تھی 8 کلو بارود اخیر مواد استعمال کیا گیا خودکش حملہ آور کے اعضاء تحویل میں لے لئے گئے ہیں جس کی شناخت کیلئے ڈی این اے کرایا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ کے باعث جلسے کی اجازت نہیں دی جا رہی تھی لیکن حکومت نے وقت کی پابندی کی شرط کے ساتھ اجازت دی تھی کہ جلسہ

3 بجے ہوگا اور مغرب سے قبل اختتام پذیر ہوگا جس کی پاسداری نہیں کی گئی جلسہ منتظمین کو کئی بار آگاہ کیا کہ وقت کی پابندی کی جائے مگر کوئی عمل نہیں کیا گیا انہوں نے کہا کہ خودکش حملہ اسٹیڈیم سے پانچ سو میٹر کے فاصلے پر قبرستان کے قریب ہوا جلسے کی سیکورٹی پر 112 پولیس اہلکار تعینات تھے جس کی وجہ سے حملہ آور جلسہ گاہ کے اندر نہیں جا سکا انہوں نے بتایا کہ 6 ستمبر اور بارہ ربیع الاول پر بھی 22 شرپسندوں کی شہر میں موجودگی کی اطلاعات ہیں معرکہ حق کے بعد ملک دشمن قوتیں پاکستان اور بلوچستان میں انتشار پیدا کرنا چاہتی ہیں 12 گھنٹوں میں امن کے لئے اقدامات کئے گئے ہیں جلسہ جلوس کرنے والے انتظامیہ سے تعاون کریں آئندہ مغرب کے بعد کسی کو جلسہ کرنے کی اجازت نہیں ہوگی اس وقت بلوچستان بھر میں دفعہ 144 نافذ ہے، بلوچستان بھر میں سیاسی شخصیات کی سیکورٹی کیلئے ایس او پی جاری کر دیے گئے ہیں حکومت اور پولیس سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار کوئٹہ اور صوبے میں جاری روزمرہ کے پروگرام جس میں پولیو مہم، افغان مہاجرین کا انخلا اور بارہ ربیع الاول کے پروگرام چل رہے ہیں انتظامیہ نے اس حوالے سے بہترین سیکورٹی انتظامات کئے ہیں اور بارہ ربیع الاول کے موقع پر فول پروف سیکورٹی انتظامات یقینی بنائے جا رہے ہیں۔

## سرفراز بگٹی سے وائس ایڈمرل فیصل عباسی کی ملاقات

میری ٹائم سیکٹر میں سرمایہ کاری کے مواقعوں کو مزید فروغ دینے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بدھ کو یہاں وائس ایڈمرل محمد فیصل عباسی ہلال امتیاز (ملٹری) کمانڈر کراچی نے ملاقات کی اور پاکستان انٹرنیشنل میری ٹائم ایکسپو اینڈ کانفرنس (PIMEQ) کے دوسرے ایڈیشن میں شرکت کی دعوت دی انہوں نے اس بات پر اطمینان کا

بقیہ نمبر 6 صفحہ 5 پر


اظہار کیا کہ حکومت بلوچستان نے PIMEC 2023 کے پہلے ایڈیشن میں کامیابی کے ساتھ حصہ لیا تھا اور 400 ملین امریکی ڈالر کے معاہدے بھی کیے تھے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ صوبائی حکومت قومی ترقی کے ہر فورم پر بھرپور کردار ادا کرے گی اور میری ٹائم سیکٹر میں سرمایہ کاری کے مواقع کو مزید فروغ دینے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے ملاقات کے اختتام پر سوینئر کا تبادلہ بھی کیا گیا۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے میں امن وامان سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب
حب بلوچستان
I-3
قیمت 40 روپے
صفحات 8
www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518
جلد نمبر 37 | بروز بدھ 3 ستمبر 2025ء بمطابق 9 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 241

Bullet No. 1 … 7



پشین: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ضلع پشین کلی کربلا کے دورے کے موقع پر عوامی جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

# شاہوانی اسٹیڈیم کوئٹہ میں خودکش حملہ 13 افراد جاں بحق 30 زخمی

## انسانیت دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی ہے، میر سرفراز بگٹی

کہ بی این پی کے بانی سردار عطاء اللہ مینگل کی برسی کی مناسبت سے اسٹیڈیم میں منعقدہ جلسہ کے اختتام پر پارکنگ ایریا میں ہوا، سردار اختر مینگل اور محمود خان اچکزئی سمیت دیگر قائدین محفوظ رہے، زخمیوں میں سابق رکن اسمبلی احمد نواز بھی شامل

یں اور زخمی فوری اسپتال منتقل، دھماکے کے فوری بعد اسپتالوں میں ایمرجنسی، دھماکہ بظاہر خودکش لگتا ہے، سی ٹی ڈی، اطلاع ملتے ہی وزیر اعلیٰ نے دورہ منسوخ کر دیا، رات گئے تک صورتحال کا جائزہ لیتے رہے

کوئٹہ (انتخاب نیوز + مانیٹرنگ ڈیسک + ایجنسیز) کوئٹہ کے علاقے سریاب شاہوانی اسٹیڈیم کے قریب بی این پی کے جلسے کے اختتام پر پارکنگ ایریا میں خودکش حملے کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار سمیت 13 افراد جاں بحق جبکہ سابق رکن صوبائی اسمبلی سمیت 31 سے زائد افراد شدید زخمی ہو گئے مختلف جماعتوں کے قائدین معجزانہ طور پر محفوظ رہے دھماکے میں ایک درجن سے زائد گاڑیاں و موٹرسائیکلوں کو شدید نقصان پہنچا دھماکے کی اطلاع ملتے پر ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر کے ڈاکٹرز … وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے دھماکے کی اعلیٰ بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر

سطح پر تحقیقات کا حکم دے دیا ہے پولیس کے مطابق منگل کی شب کوئٹہ کے نواحی علاقے سریاب روڈ شاہوانی اسٹیڈیم میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے جلسے کے اختتام پر سیاسی قائدین بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل، پشتونخوامیپ کے مرکزی چیئرمین محمود خان اچکزئی، اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی اور نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما کبیر احمد محمد شہی اور کارکن گاڑیوں موٹر سائیکلوں پر واپس جا رہے تھے کہ پارکنگ ایریا میں پہلے سے موجود خودکش حملہ آور نے خود کو اڑا لیا جس کے نتیجے میں اسپیشل برانچ کے اہلکار سمیت سیاسی پارٹی کے کارکن اسحاق، نجیب اللہ، شان، حنیف، مدد خان، وقار، حفیظ، عبدالنبی، نصراللہ، اللہ بخش، نجیب اللہ بخش، وقار، سمیت 13 افراد موقع پر جاں بحق جبکہ سابق رکن صوبائی اسمبلی احمد نواز بلوچ، لیبر سیکرٹری موسیٰ جان بلوچ، نادر، محمد صادق، سراج احمد، نصیب اللہ، بشیر، علی اکبر، محمد اسحاق، شاہ فیصل، فرہان، محمد مراد، عرفان، روت پرویز، مدد خان، شبیر احمد، نور احمد، فاروق، اعجاز، میر باز خان، عبداللطیف، کاشف، بسم اللہ، اسیر، نواب کلیم اللہ، رسول بخش، شامران، محمد یوسف، سمیع اللہ، سمیت 31 سے زائد افراد شدید زخمی ہو گئے جبکہ قائدین معجزانہ طور پر محفوظ رہے دھماکے سے علاقے میں بھگدڑ مچ گئی اطلاع ملتے پر سیکورٹی فورسز پولیس سی ٹی ڈی کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر لاشوں اور زخمیوں کو سول اور بی ایم سی ہسپتال پہنچایا دھماکے کے باعث سابق سینیٹر کبیر احمد محمد شہی کی گاڑی سمیت ایک درجن گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو شدید نقصان پہنچا دھماکے کی اطلاع ملتے پر ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر کے ڈاکٹرز اور عملے کو فوری طور پر طلب کر لیا سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کر لئے، وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور محکمہ صحت کے عملے نے زخمیوں کی عیادت کی نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دی گئیں مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شاہوانی اسٹیڈیم میں دھماکے کے واقعے کی اطلاع ملتے ہی اپنا دورہ لاہور منسوخ کر دیا اور فوری طور پر کوئٹہ ایئرپورٹ سے واپس وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ پہنچ گئے انہوں نے آئی جی پولیس بلوچستان کو واقعے کی تحقیقات کا حکم دیتے ہوئے رپورٹ طلب کر لی وزیر اعلیٰ نے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، سیکرٹری صحت بلوچستان اور دیگر متعلقہ حکام کو اسپتال پہنچ کر تمام تر صورتحال کی ذاتی طور پر نگرانی کی ہدایت کی جبکہ سی ایم ایچ میں بھی ضروری انتظامات یقینی بنانے پر زور دیا ان کی ہدایت پر چھ زخمیوں کو علاج کے لیے سی ایم ایچ منتقل کیا گیا اور اسپتالوں میں سیکورٹی کو مزید مؤثر بنانے کے اقدامات بھی کیے گئے وزیر اعلیٰ بلوچستان رات گئے تک صورتحال کا خود جائزہ لیتے رہے اور صوبائی وزیر صحت سے زخمیوں کے علاج معالجے اور طبی سہولیات کے بارے میں مسلسل آگاہی حاصل کرتے رہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شاہوانی اسٹیڈیم کوئٹہ میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انسانیت دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی ہے جس کا مقصد صوبے میں خوف و ہراس پھیلانا اور پرامن شہریوں کے جان و مال کو نقصان پہنچانا ہے یہاں جاری اپنے ایک مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ شر پسند عناصر معصوم شہریوں کے خون سے کھیل رہے ہیں لیکن ان کے ناپاک عزائم کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دیے جائیں گے وزیر اعلیٰ نے واقعہ میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحتیابی کی دعا کی اور شہدا کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی وفاقی اور صوبائی حکومت مل کر دہشت گردی کے خلاف موثر اقدامات جاری رکھیں گی تاکہ بلوچستان کے عوام کو پرامن ماحول فراہم کیا جا سکے۔

---

بلوچستان اسمبلی

# وزیراعلیٰ کی مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر تمام جماعتوں کو مذاکرات کی پھر دعوت

ہم نے مائنز اینڈ منرلز بل پر ایوان میں اتفاق رائے پیدا کیا بعد میں بل سیاست کی نذر ہو گیا، یہ پارلیمنٹ کے مسئلے ہیں انہیں پارلیمنٹ میں ہی حل ہونا چاہیے، وزیر اعلیٰ

بلوچستان اسمبلی نے شیخ محمد بن زید النہیان انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا مسودہ قانون منظور کر لیا، اسپیکر نے گوادر میں جاری فراہمی آب کے منصوبوں کی تفصیلات طلب کر لیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر تمام سیاسی جماعتوں کو ڈائیلاگ کی دعوت دیتے ہوئے سب کو اعتماد میں لینے کا اعلان کر دیا، اپوزیشن لیڈر یونس زہری نے وزیر اعلیٰ کی جانب سے ڈائیلاگ کی دعوت کا خیر مقدم کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہم نے مائنز اینڈ منرلز بل پر ایوان میں اتفاق رائے پیدا کیا بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر

لیکن بعد میں مائنز اینڈ منرلز بل سیاست کی نذر ہو گیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ وہ جماعتیں جو اس ایوان کا حصہ نہیں ہیں وہ کورٹ میں چلی گئیں، ہم ڈائیلاگ کیلئے تیار ہیں، بجائے اس کے کہ یہ معاملات کہیں اور حل ہوں، انہوں نے کہا کہ یہ پارلیمنٹ کے مسئلے ہیں یہ پارلیمنٹ میں حل ہونا چاہیے پارلیمنٹ ہی سپریم ادارہ ہے سیاسی جماعتوں اور مائنز ایسوسی ایشن کے نمائندے بشمول معدنیات کے آفیسران اس پر بیٹھ کر بحث کریں جس کیلئے اپوزیشن لیڈر تاریخ دیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ ہم مائنز اینڈ منرلز بل پر سب کو اعتماد میں لیں گے، علاوہ ازیں بلوچستان اسمبلی نے شیخ محمد بن زید النہیان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا مسودہ قانون منظور کر لیا، اسپیکر نے گوادر میں جاری فراہمی آب کے منصوبوں کی تفصیلات اور کیسکو چیف کو اسمبلی طلب کر لیا۔ پیر کو بلوچستان اسمبلی کا اجلاس اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت شروع اجلاس میں اپوزیشن لیڈر یونس زہری نے نقطہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بی وائی سی کے رہنما علی محمد قلندرانی کے بیٹے کو کراچی سے اغوا کیا گیا ہماری جماعت کے کئی رہنماؤں کو شہید کیا گیا لیکن قاتل گرفتار نہیں ہوئے ہمارا قصور ہے کہ ہم آئین اور قانون میں رہتے ہیں سردار زادہ یوسف قلندرانی کو بازیاب کرایا جائے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یوسف قلندرانی کو کراچی سے اغوا کیا ہے، ہم حکومت سندھ سے رابطے میں ہیں یہ خیال کرنا کہ کس نے اغوا کیا درست نہیں ہے ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت اپنی ذمہ داری پوری کرے گی۔ اجلاس میں رکن اسمبلی ڈاکٹر نواز کبزئی نے قائمہ کمیٹی کی رپورٹ برائے شیخ محمد بن زید النہیان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی

پیش کی جس کے بعد صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے شیخ محمد بن زید النہیان انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کا مسودہ قانون پیش کیا جسے ایوان نے منظور کر لیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTO
GENERAL
RELATIONS B

نظامت اعلیٰ
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 8

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر۔24 | جمعرات 04 ستمبر 2025ء بمطابق 10 ربیع الاول 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔240

# دہشتگرد معصوم شہریوں کو نشانہ بنا کر اپنی بزدلی اور انسانیت دشمنی کا مظاہرہ کر رہے ہیں

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا سول اسپتال کوئٹہ کے ٹراما سینٹر اور سی ایم ایچ کا ہنگامی دورہ، دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت، ورثاء سے ملاقات میں علاج معالجے کی صورتحال دریافت کی

## زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، شدید زخمیوں کو فضائی سروس کے ذریعے کراچی منتقل کرنے کے احکامات گزشتہ شب ہی جاری کردیے تھے

## دہشت گرد بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کے اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، سانحہ کے شہدا کے اہل خانہ کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بدھ کو سول اسپتال کوئٹہ کے ٹراما سینٹر اور سی ایم ایچ کا ہنگامی دورہ کیا جہاں انہوں نے شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی اس موقع پر وزیراعلیٰ کے ہمراہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ صوبائی وزیر اطلاعات میر ظہور احمد بلیدی ... سردار کوہیار خان ڈومکی پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک، سینیٹر آغا شاہزیب درانی بھی ہمراہ تھے جبکہ سیکرٹری صحت مجیب الرحمن، کمشنر کوئٹہ جہانزیب خان اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی بھی موجود تھے وزیراعلیٰ بلوچستان کو محکمہ صحت اور اسپتال حکام نے زخمیوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور دیگر اقدامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی میر سرفراز بگٹی نے زخمیوں اور ان کے ورثاء سے ملاقات کی اور علاج معالجے کی صورتحال دریافت کی انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات پر اظہار اطمینان کیا اور کہا کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں انہوں نے بتایا کہ شدید زخمیوں کو فضائی سروس کے ذریعے کراچی منتقل کرنے کے احکامات گزشتہ شب ہی جاری کر دیے گئے تھے وزیراعلیٰ نے کہا کہ مریض اور ان کے ورثاء کو مکمل اطمینان رکھیں علاج ومعالجے میں کسی قسم کی کوتاہی یا کمی برداشت نہیں کی جائے گی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گرد معصوم شہریوں کو نشانہ بنا کر اپنی بزدلی اور انسانیت دشمنی کا مظاہرہ کر رہے ہیں دہشت گرد بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کے اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے انہوں نے کہا کہ سانحہ کے شہدا کے اہل خانہ کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی ہر ممکن مدد اور معاونت کی جائے گی۔

(بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے میں امن وامان سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی ٹراما سینٹر میں زیر علاج بی این پی رہنما سابق ایم پی اے احمد نواز بلوچ کی عیادت کررہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORAT
GENERAL OF PU
RELATIONS BALO

نظامت ا
حکو

Bullet No. 1

e No. 9



THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | جمعرات 04 ستمبر 2025ء بمطابق 10 ربیع الاول 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 241


# دہشتگردوں کو امن سبوتاژ کرنے نہیں دینگے، وزیراعلیٰ

موجودہ تھریٹس الرٹ کے پیش نظر سیاسی جماعتوں اور عوام کو حکومت اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا ہوگا یہ وقت اتحاد اور یکجہتی کا ہے تاکہ شرپسند عناصر اپنے مذموم عزائم میں ناکام ہوں

**عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت امن و امان سے متعلق اجلاس، شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے سے متعلق بریفنگ دی گئی**

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے زیر صدارت امن وامان سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس بدھ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات اور آئی جی پولیس سعید وزیر نے شاہوانی اسٹیڈیم میں گزشتہ شب ہونے والے دھماکے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بحالی امن کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کو ہدایت کی کہ گزشتہ شب پیش آنے والے واقعہ سے متعلق عوام اور میڈیا کو حکومتی اقدامات اور حقائق سے آگاہ کیا جائے تاکہ افواہوں کی حوصلہ شکنی ہو اور حقائق پر مبنی صورت حال عوام کے سامنے آئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے ذمہ دار دہشت گردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور انہیں ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دہشت گردوں کو کسی صورت بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ سانحہ کے شہداء کے اہل خانہ کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے زخمیوں کو بہترین علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں انہوں نے حکم دیا کہ شدید زخمیوں کو ضرورت پڑنے پر حکومت بلوچستان کی فضائی سروسز کے ذریعے کراچی منتقل کیا جائے تاکہ انہیں مزید بہتر علاج فراہم ہو سکے اجلاس میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ موجودہ تھریٹس الرٹ کے پیش نظر سیاسی جماعتوں اور عوام کو حکومت اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا ہوگا یہ وقت اتحاد اور یکجہتی کا ہے تاکہ شرپسند عناصر اپنے مذموم عزائم میں ناکام ہوں وزیراعلیٰ بلوچستان نے 12 ربیع الاول کے پروگرامز کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان مرتب کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ عوام جلوسوں اور اجتماعات کے دوران حکومت اور اداروں سے مکمل تعاون کریں تاکہ مذہبی اجتماعات کو پرامن اور بہتر انداز میں یقینی بنایا جا سکے اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، قائمقام آئی جی پولیس بلوچستان سعید وزیر، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب کاکڑ، ڈی جی لیویز عبدالغفار مگسی سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے میں امن وامان سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ایئر آفیسر کمانڈنگ ویسٹرن ایئر کمانڈ ایئر وائس مارشل تیمور اور وائس ایڈمرل محمد فیصل عباسی ہلال امتیاز (ملٹری) کو سوینئر دے رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTOR
GENERAL OF
RELATIONS BAL

نظامت اعلی
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 10

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

جلد 80 | جمعرات 4 ستمبر 2025، 10 ربیع الاول 1447ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 241

# عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے کوئی کوتاہی برداشت نہیں کریں گے

## وزیراعلیٰ بلوچستان

### شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے ذمہ دار دہشت گردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور انہیں ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا

### حکومت کے تمام وسائل زخمیوں کی جان بچانے اور ان کے علاج معالجے کے لیے وقف ہیں اور ہر ممکن تعاون متاثرہ خاندانوں کو فراہم کیا جائے گا

کوئٹہ (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے زیر صدارت امن وامان سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس بدھ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات اور آئی جی پولیس سعید وزیر نے شاہوانی اسٹیڈیم میں گزشتہ شب ہونے والے دھماکے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بحالی امن کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کو ہدایت کی کہ گزشتہ شب پیش آنے والے واقعہ سے متعلق عوام اور میڈیا کو حکومتی اقدامات اور حقائق سے آگاہ کیا جائے تاکہ افواہوں کی حوصلہ شکنی ہو اور حقائق پر مبنی صورت حال عوام کے سامنے آئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے ذمہ دار دہشت گردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور انہیں ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دہشت گردوں کو کسی صورت بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ سانحہ کے شہداء کے اہل خانہ کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے زخمیوں کو بہترین علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں انہوں نے حکم دیا کہ شدید زخمیوں کو ضرورت پڑنے پر حکومت بلوچستان کی فضائی سروسز کے ذریعے کراچی منتقل کیا جائے تاکہ انہیں مزید بہتر علاج فراہم ہو سکے اجلاس میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ موجودہ تھریٹس الرٹ کے پیش نظر سیاسی جماعتوں اور عوام کو حکومت اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا ہوگا یہ وقت اتحاد اور یکجہتی کا ہے تاکہ شرپسند عناصر اپنے مذموم عزائم میں ناکام ہوں وزیراعلیٰ بلوچستان نے 12 ربیع الاول کے پروگرامز کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان مرتب کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ عوام جلوسوں اور اجتماعات کے دوران حکومت اور اداروں سے مکمل تعاون کریں تاکہ مذہبی اجتماعات کو پرامن اور بہتر انداز میں یقینی بنایا جا سکے اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، قائمقام آئی جی پولیس بلوچستان سعید وزیر، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب کاکڑ، ڈی آئی جی لیویز عبدالغفار مگسی سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے میں امن وامان سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTOR
GENERAL OF
RELATIONS BAL

نظامت اع
حکوم

Bullet No. 1

Page No. 11

روزنامہ
کوئٹہ
میزان
بانی مولانا عبد الکریم
بیاد جمیل الرحمٰن
چیف ایڈیٹر : برکت علی

جلد 77 | جمعرات 04 ستمبر 2025ء، 10 ربیع الاول 1447ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 04

# شاہوانی سٹیڈیم میں دھماکے کے ذمہ دار دہشتگردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائیگا: میر سرفراز بگٹی

بحالی امن کیلئے کیے جانے والے اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، دہشت گردوں کو کسی صورت بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

سانحہ کے شہداء کے اہل خانہ کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے زخمیوں کو بہترین علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان کی 12 ربیع الاول کے پروگرامز کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان مرتب کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے زیر صدارت امن و امان سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس بدھ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات اور آئی جی پولیس سعید وزیر نے شاہوانی اسٹیڈیم میں گزشتہ شب ہونے والے دھماکے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بحالی امن کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کو ہدایت کی کہ گزشتہ شب پیش آنے والے واقعہ سے متعلق عوام اور میڈیا کو حکومتی اقدامات اور حقائق سے آگاہ کیا جائے تاکہ افواہوں کی حوصلہ شکنی ہو اور حقائق پر مبنی صورت حال عوام کے سامنے آئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے ذمہ دار دہشت گردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور انہیں ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دہشت گردوں کو کسی صورت بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سانحہ کے شہداء کے اہل خانہ کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے زخمیوں کو بہترین علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں انہوں نے حکم دیا کہ شدید زخمیوں کو ضرورت پڑنے پر حکومت بلوچستان کی فضائی سروسز کے ذریعے کراچی منتقل کیا جائے تاکہ انہیں مزید بہتر علاج فراہم ہو سکے اجلاس میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ موجودہ تھریٹ الرٹ کے پیش نظر سیاسی جماعتوں اور عوام کو حکومت اور سیکیورٹی اداروں کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا ہوگا یہ وقت اتحاد اور یکجہتی کا ہے تاکہ شر پسند عناصر اپنے مذموم عزائم میں ناکام ہوں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے 12 ربیع الاول کے پروگرامز کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان مرتب کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ عوام جلوسوں اور اجتماعات کے دوران حکومت اور اداروں سے مکمل تعاون کریں تاکہ مذہبی اجتماعات کو پر امن اور بہتر انداز میں یقینی بنایا جا سکے اجلاس میں چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، قائمقام آئی جی پولیس بلوچستان سعید وزیر، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہ زیب کاکڑ، ڈی آئی جی عبد الغفار مگسی سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

(بقیہ 2 صفحہ 2 پر)



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے میں امن و امان سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTO[RATE]
GENERAL OF [PUBLIC]
RELATIONS BA[LOCHISTAN]

نظامت اعلی[ٰ]
حکومت

Bullet No. 1

Page No. 12

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر


| جلد 28 | Ph :2839851 | FaX:2839867 | قیمت 10 روپے | MEMBER OF APNS | شمارہ 197 |
|---|---|---|---|---|---|
| | جمعرات 4 ستمبر 2025ء | 10 ربیع الاول | 1447ھ | رجسٹرڈ ایل سی پی-10 | |

# دہشتگردوں کو کسی صورت امن سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، سرفراز بگٹی

## شاہوانی اسٹیڈیم دھماکہ کے ذمہ دار دہشتگردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا، تھریٹس کے پیش نظر سیاسی جماعتوں اور عوام کو حکومت کیساتھ تعاون کرنا ہوگا، امن وامان سے متعلق اجلاس سے خطاب

## دہشتگرد سول شہریوں کو نشانہ بنا کر بزدلی اور انسانیت دشمنی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ کا ٹراما سینٹر اور سی ایم ایچ کا ہنگامی دورہ، دھماکے کے زخمیوں کی عیادت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے زیر صدارت امن وامان سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس بدھ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات اور آئی جی پولیس سعید وزیر نے شاہوانی اسٹیڈیم میں گزشتہ شب ہونے والے دھماکے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بحالی امن کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے عوام کی جان ومال کے تحفظ کے لیے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کو ہدایت کی کہ گزشتہ شب پیش آنے والے واقعہ سے متعلق عوام اور میڈیا کو حکومتی اقدامات اور حقائق سے آگاہ کیا جائے تاکہ افواہوں کی حوصلہ شکنی ہو اور حقائق پر مبنی صورت حال عوام کے سامنے آئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے ذمہ دار دہشت گردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور انہیں ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دہشت گردوں کو کسی صورت بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سانحہ کے شہداء کے اہل خانہ کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی امن وامان سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بدھ کو سول اسپتال کوئٹہ کے ٹراما سینٹر اور سی ایم ایچ کا ہنگامی دورہ کیا جہاں انہوں نے شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی اس موقع پر وزیر اعلیٰ کے ہمراہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ صوبائی وزیر انڈسٹریز سردار کوہیار خان ڈومکی پارلیمانی سیکرٹری محمد خان لہڑی رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک، سینیٹر آغا شاہزیب درانی بھی ہمراہ تھے جبکہ سیکرٹری صحت مجیب الرحمن، کمشنر کوئٹہ جہانزیب خان اور ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی بھی موجود تھے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو محکمہ صحت اور اسپتال حکام نے زخمیوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور دیگر اقدامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی میر سرفراز بگٹی نے زخمیوں اور ان کے ورثاء سے ملاقات کی اور علاج معالجے کی صورتحال دریافت کی انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات پر اظہار اطمینان کیا اور کہا کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں انہوں نے بتایا کہ شدید زخمیوں کو فضائی سروس کے ذریعے کراچی منتقل کرنے کے احکامات گزشتہ شب ہی جاری کر دیے گئے تھے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مریض اور ان کے ورثاء مکمل اطمینان رکھیں علاج ومعالجے میں کسی قسم کی کوتاہی یا کمی برداشت نہیں کی جائے گی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گرد معصوم شہریوں کو نشانہ بنا کر اپنی بزدلی اور انسانیت دشمنی کا مظاہرہ کر رہے ہیں دہشت گرد بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کے اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے انہوں نے کہا کہ سانحہ کے شہداء کے اہل خانہ کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑا جائے گا حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے اور ان کی ہر ممکن مدد اور معاونت کی جائے گی۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے میں زخمی بچے کی عیادت کر رہے ہیں

CamScanner

# صوبے بھر میں امن کی بحالی حکومت کی ترجیح ہے، سرفراز بگٹی

بحالی امن کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

سانحہ کے شہداء کے اہل خانہ کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا اور حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے زخمیوں کو بہترین علاج معالجہ کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے زیر صدارت امن وامان سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس بدھ کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات اور آئی جی پولیس سعید وزیر نے شاہوانی اسٹیڈیم میں گزشتہ شب ہونے بقیہ 3 صفحہ 6 پر

والے دھماکے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بحالی امن کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو مزید موثر بنایا جائے عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کو ہدایت کی کہ گزشتہ شب پیش آنے والے واقعہ سے متعلق عوام اور میڈیا کو حکومتی اقدامات اور حقائق سے آگاہ کیا جائے تاکہ افواہوں کی حوصلہ شکنی ہو اور حقائق پر مبنی صورت حال عوام کے سامنے آئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کے ذمہ دار دہشت گردوں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور انہیں ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ دہشت گردوں کو کسی صورت بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

## سانحہ شاہوانی اسٹیڈیم کے سیریس زخمیوں کو ڈاکٹرز کی تجویز پر کراچی منتقل کیا جائے، وزیر اعلیٰ

حکومت بلوچستان اس مشکل وقت میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے

حکومت کی اولین ترجیح انسانی جانوں کو محفوظ بنانا اور زخمیوں کو فوری ریلیف فراہم کرنا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے فضائی سرحد بروئے بقیہ 17 صفحہ 6 پر

کار لانے کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ شاہوانی اسٹیڈیم کے سیریس زخمیوں کو ڈاکٹرز کی تجویز پر کراچی منتقل کیا جائے تاکہ انہیں بروقت اور معیاری طبی سہولیات میسر آسکیں انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس مشکل وقت میں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے اور زخمیوں کے علاج معالجے کے لیے تمام وسائل فراہم کیے جا رہے ہیں وزیر اعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ تمام اسپتالوں میں ایمرجنسی انتظامات کو مزید موثر بنایا جائے اور زخمیوں کو فوری طور پر بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی شاہوانی اسٹیڈیم بم دھماکے کے زخمیوں کی عیادت کررہے ہیں



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی شاہوانی اسٹیڈیم بم دھماکے میں زخمی بچے کی عیادت کررہے ہیں



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ایئر آفیسر کمانڈنگ ویسٹرن ایئر کمانڈ ایئر وائس مارشل تیمور یوسف کو سوینئر دے رہے ہیں



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبے میں امن وامان سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے

Balochistan Times
92 NEWS MEDIA GROUP
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1208 QUETTA Thursday September 04, 2025 / Rabi ul Awal 10, 1447 Rs

# Bugti visits Civil Hospital, CMH to inquire after injured of Quetta blast

## Orders swift action against perpetrators of incident, calls for unity



**Staff Report**

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Wednesday visited Civil Hospital's Trauma Center and Combine Military Hospital (CMH) Quetta to inquire about the health of blast victims who injured in Sariab Shahwani Stadium last night explosion.

During visit, Health Department officials briefed the chief minister on the medical facilities provided to the injured of blast.

The chief minister met the injured and their heirs and inquired about the quality of treatment.

Expressing his satisfaction over the steps taken for the treatment and care of the injured, he said that all possible medical facilities are being provided to the injured.

Mir Sarfraz Bugti ordered to transfer the seriously injured to Karachi through air service after recommendation of doctors saying that no reduction in treatment would be allowed, patients and heirs should be completely satisfied.

Chief Minister said that terrorists are showing cowardice by targeting innocent citizens, they would not succeed in their nefarious design to sabotage the peace of province.

He said that the families of the martyrs of the tragedy would not be left alone, the government stands with them in difficult time.

Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has vowed to bring the perpetrators of the deadly bombing near Shahwani Stadium to justice, declaring that terrorists would not be allowed to destabilize the province's peace.

The chief minister expressed these remarks during a high-level meeting on law and order convened in the wake of the attack, which claimed 15 lives and left 38 injured.

During the meeting, Additional Chief Secretary for Home Affairs Hamza Shafqaat and Acting Inspector General of Police Saeed Wazir presented a detailed briefing on the incident. CM Bugti emphasized the need to strengthen security protocols and assured that there would be zero tolerance for lapses in public protection.

He directed the Additional Chief Secretary to keep both the public and media informed with verified updates to counter misinformation.

"The terrorists behind the Shahwani Stadium blast will be brought to their logical conclusion and held accountable under the law," Bugti added, reaffirming the government's solidarity with the victims' families.

Sarfraz Bugti ordered that critically injured individuals would be transferred to Karachi via government air services if necessary to ensure optimal medical care.

The chief minister urged political parties and citizens to cooperate with law enforcement agencies during the current threat alert. "This is a time for unity and collective resolve to defeat those who seek to spread fear," he said.

In preparation for upcoming religious events, Bugti instructed officials to devise a comprehensive security plan for the 12th of Rabi' al-Awwal processions. He appealed to the public to support authorities in maintaining peace during these gatherings.

The meeting was attended by Chief Secretary Balochistan Shakeel Qadir Khan, Additional Chief Secretary Hamza Shafqaat, Acting IG Police Saeed Wazir, Principal Secretary Babar Khan, Commissioner Quetta Division Shahzaib Kakar, DG Levies Abdul Ghaffar Magsi and other senior officials.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 04 SEP 2025 Page No. 18

## گرین بیلٹ میں نہری پانی کی چوری روکی جائے، صادق عمرانی

### محکمہ آبپاشی کے مورال کو بلند رکھنے کے لیے افسران کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا، گفتگو

نصیر آباد (ڈ ن) صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے صوبائی سیکرٹری آبپاشی صالح محمد ناصر کے ہمراہ ایریگیشن سرکل آفس نصیر آباد کا دورہ کیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر غلام سرور کھوسو، ایکسیئن ... دری پالی کی ٹیم کے حوالے سے ... دی۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نصیر آباد منیر احمد خان کاکڑ، ... ناصر جمالی، پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژن کے صدر میر ... صادق عمرانی، ایگزیکٹو انجینئر ... کینال ... احمد ... پروجیکٹ ڈائریکٹر شفیق الرحمان، ایکسیئن امان اللہ کاکڑ، ... اور ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ... احمد عمرانی سمیت دیگر افسران موجود تھے۔ اس موقع پر میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ محکمہ آبپاشی کے مورال کو بلند رکھنے کے لیے افسران کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نصیر آباد ڈویژن کے گرین بیلٹ کو مزید زرخیز بنانے کے لیے محکمہ بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، اس لیے ضروری ہے کہ کسانوں کے مسائل حل کرکے غیر قانونی طریقے سے پانی چوری کرنے والوں کی روک تھام کی جائے، واٹر کورسز کو مسمار کیا جائے اور ہائی کورٹ کے احکامات پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔

## دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنائیں گے، شعیب نوشیروانی

### بی این پی کے جلسے میں دھماکہ جمہوری اقدار اور قومی اتحاد پر حملہ ہے، بیان

کوئٹہ (ڈ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے گزشتہ روز بلوچستان نیشنل پارٹی کے شاہوانی اسٹیڈیم میں ہونے والے جلسے میں بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے سفاکیت اور انسانیت سوز واقعات کو کوئی ذی شعور انسان برداشت نہیں کر سکتے ہیں کیونکہ اس طرح کے بے گناہ انسانوں کی جان لینے والے انسان کہلانے کے قابل نہیں ہے ہماری حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردوں کے ناپاک مذموم عزائم کو ہر صورت میں ناکام بنائیں گے کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دینگے ان عناصر کی سرکوبی کیلئے ہمارے آپس میں اتحاد اور معاونت کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ اس طرح کے دہشت گردانہ واقعہ جمہوری اقدار اور قومی اتحاد پر حملہ ہے، تاہم ایسے واقعات ہمارے حوصلے کو کمزور نہیں کر سکتے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ دھماکہ انسانیت دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی ہے، علی حسن زہری

### دہشت گردوں کا مقصد صوبے اور ملک میں امن و امان کو سبوتاژ کرنا ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و صوبائی وزیر زراعت و کوآپریٹو میر علی حسن زہری نے گزشتہ روز کوئٹہ میں سیاسی پارٹی کے جلسہ گاہ میں ہونے والے بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دھماکہ دراصل انسانیت دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی ہے جس کا مقصد صوبے ........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 12

ہے اور ملک میں امن و امان کو سبوتاژ کرنا ہے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ شرپسند عناصر معصوم شہریوں کے خون سے کھیل رہے ہیں لیکن دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو ہر صورت ناکام بنایا جائے گا۔ واقعے میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور اس حوالے سے سیکیورٹی اداروں کو واضح ہدایات دی گئی ہیں کہ ذمہ داروں کو فوری گرفتار کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے اور کسی بھی قیمت پر شرپسند عناصر کو امن دشمن عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا۔ وفاقی اور صوبائی حکومتیں مل کر عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کریں گی۔ صوبائی وزیر نے دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کرتے ہوئے ان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا بھی کی۔ مزید برآں، میر علی حسن زہری نے کہا کہ "فتنہ الہندوستان" کے دہشت گرد اور ان کے آلہ کار معصوم لوگوں کو نشانہ بنا کر بلوچستان اور پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی گھناؤنی سازشیں کر رہے ہیں، مگر پوری قوم اور ریاستی ادارے ایک پیج پر ہیں اور ان کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیں گے۔ انہوں نے دہشت گردی کے خلاف پاک فوج، رینجرز، پولیس اور دیگر سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی بہادری اور فرض شناسی ہی کی بدولت آج ملک میں امن قائم ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ دہشت گردی اور فتنہ الہندوستان کے خلاف سیکیورٹی اداروں کی ہر کارروائی میں حکومت اور عوام بھرپور تعاون کریں گے۔ اسی موقع پر صوبائی وزیر نے سیاسی پارٹی کی موجودہ قیادت سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ سیاسی پارٹی کے کارکنان اور قیادت کو نشانہ بنانا دراصل بلوچستان کی سیاسی اور جمہوری جدوجہد پر حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع اور بی این پی کے کارکنان کے زخمی ہونے پر وہ ذاتی طور پر غمگین ہیں اور مشکل کی اس گھڑی میں سیاسی پارٹی کی قیادت اور پارٹی ورکروں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 04 SEP 2025 Page No. 16

## پاک چین بی ٹو بی سرمایہ کاری کانفرنس تاریخی موقع ہے، بلال کاکڑ

**کانفرنس کا مقصد طویل المدتی شراکت داری، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور صلاحیت میں اضافہ کرنا ہے**

بیجنگ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ بیجنگ میں منعقد ہونے والی دوسری پاکستان۔چین بزنس ٹو بزنس (B2B) سرمایہ کاری کانفرنس میں شریک پاکستانی اعلیٰ سطحی وفد کا حصہ ہیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے بلال خان کاکڑ نے کہا کہ یہ تاریخی ایونٹ بلوچستان کے کاروباری اداروں اور سرمایہ کاروں کو چین کی ممتاز کمپنیوں کے ساتھ براہ راست روابط قائم کرنے کا ایک منفرد موقع فراہم کرتا ہے۔ اس کانفرنس میں پاکستان کی معیشت کے ترجیحی شعبہ جات بشمول قابل تجدید توانائی، معدنیات، زراعت، فوڈ پراسیسنگ، ماہی پروری، ٹیکسٹائل اور تعمیرات میں تعاون پر بات ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ چینی مہارت، ٹیکنالوجی اور مالی وسائل کو جب بلوچستان کے غیر استعمال شدہ مواقع کے ساتھ جوڑا جائے گا تو یہ کئی انقلابی منصوبوں میں ڈھل سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بی ٹو بی کانفرنس صرف سرمایہ کاری کے مواقع کو جوڑنے کے بارے میں نہیں ہے بلکہ اس کا مقصد طویل المدتی شراکت داری، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور صلاحیت میں اضافہ بھی ہے۔ بلوچستان کی اس طرح کے بین الاقوامی فورمز میں شمولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ صوبہ پاکستان۔چین تعاون کے تحت خطے اور دنیا کی معیشت میں تیزی سے شامل ہو رہا ہے۔

## حکومت بلوچستان کا 6 ستمبر کو عام تعطیل کا اعلان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی حکومت بلوچستان کے اعلامیہ کے مطابق ہفتہ 6 ستمبر بمطابق 12 ربیع الاول 1447 ہجری کو عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر صوبے بھر میں عام تعطیل ہوگی۔ تمام سرکاری و نیم سرکاری ادارے اور دفاتر بند رہیں گے۔

## غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث گینگ کے دو کارندے گرفتار، رقم برآمد

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایف آئی اے نے حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث بین الاقوامی گینگ کے دو کارندوں کو گرفتار کرکے غیر ملکی کرنسی قبضے میں لے لی۔ ایف آئی اے ذرائع کے مطابق۔ ایف آئی اے کمرشل بینک سرکل کوئٹہ نے کارروائی کرتے ہوئے حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث بین الاقوامی گینگ کے دو کارندوں جنید اور عبدالرزاق کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 33 ملین ایرانی کرنسی، 2 موبائل فونز اور حوالہ ہنڈی سے متعلق شواہد برآمد کر لیے گئے گرفتار ملزمان افغانستان، دبئی اور آسٹریلیا سے حوالہ ہنڈی کی رقوم کی ترسیل کرتے تھے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

## کوئٹہ دھماکہ، حکومت کا شہدا کے لواحقین کیلئے 15،15 لاکھ کا اعلان

**جلسہ منتظمین نے وقت کی پابندی نہیں کی، آئندہ مغرب کے بعد سیاسی سرگرمیوں کی اجازت نہیں ہوگی**

**12 ربیع الاول کے حوالے سے بھی تھریٹ موجود ہے، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ و دیگر کی پریس کانفرنس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ و قبائلی امور بلوچستان حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ معرکہ حق کے بعد ملک دشمن قوتیں پاکستان اور بلوچستان میں انتشار پیدا کرنا چاہتی ہیں سیاسی جماعت نے مشروط اجازت میں وقت کی پاسداری نہیں کی آئندہ کسی جماعت کو مغرب کے بعد سرگرمی کی اجازت نہیں ہوگی حکومت نے شہدا کے لئے فی کس 15 لاکھ روپے جبکہ شدید زخمی کے لئے 5 لاکھ اور معمولی زخمی کیلئے 2 لاکھ روپے کے معاوضے کا اعلان کیا۔ خودکش حملے میں 8 کلو بارودی مواد استعمال ہوا واقعے میں پولیس اہلکار سمیت 15 افراد شہید اور 2 پولیس اہلکاروں سمیت 32 زخمی ہوئے ہیں بہتر سیکورٹی کے باعث خودکش حملہ آور جلسہ گاہ میں داخل نہیں ہو سکا بارہ ربیع الاول کے حوالے سے بھی 22 افراد کے داخلے کا تھریٹ موجود ہے۔ این ڈی سی ہم ذمہ داری لیتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو سی پی او آفس کوئٹہ میں ڈی آئی جی کرائم برانچ ڈاکٹر فرحان زاہد اور ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ کیپٹن (ر) محمد بلوچ کے ہمراہ مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ نے گزشتہ شب کوئٹہ میں ہونے والے خودکش دھماکے کی تفصیلات سے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ خودکش دھماکے میں 15 افراد شہید ہوئے ہیں جن میں ایک پولیس اہلکار بھی شامل ہے خودکش حملہ آور کی عمر 30 سال سے کم تھی 8 کلو بارود اخیز مواد استعمال کیا گیا خودکش حملہ آور کے اعضاء تحویل میں لے لئے گئے ہیں جس کی شناخت کیلئے ڈی این اے کرایا جائے گا، انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ کے باعث جلسے کی اجازت نہیں دی جا رہی تھی لیکن حکومت نے وقت کی پابندی کی شرط کے ساتھ اجازت دی تھی کہ جلسہ 3 بجے ہوگا اور مغرب سے قبل اختتام پذیر ہونا تھا جس کی پاسداری نہیں کی گئی جلسہ منتظمین کو کئی بار آگاہ کیا کہ وقت کی پابندی کی جائے مگر کوئی عمل نہیں کیا گیا۔

## کوئٹہ، خودکش حملے کا مقدمہ درج، ایک اور زخمی چل بسا، تعداد 15 ہوگئی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) شاہوانی اسٹیڈیم کے قریب خودکش حملے کا ایک اور زخمی شہید ہوگیا، سانحہ میں شہادتوں کی تعداد 15 ہوگئی تفصیلات کے مطابق شاہوانی اسٹیڈیم کے قریب منگل کی شب جلسے کے اختتام پر ہونے والے خودکش حملے زخمی ہونے والا نوشکی کا رہائشی محمد احسن ولد رودین خان بھی رات گئے زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے شہید ہوگیا، سانحہ میں شہادتوں کی تعداد 15 ہوگئی۔ جبکہ سی ٹی ڈی نے واقعے کا مقدمہ قتل، اقدام قتل اور انسداد دہشت گردی ایکٹ کے تحت درج کرکے خودکش حملہ آور کا سر اور جسم کے اعضا تحویل میں لے لئے جنہیں ڈی این اے کیلئے فرانزک لیبارٹری بھجوایا جائے گے۔

## ممکنہ سیلاب، نصیرآباد اور سبی ڈویژن میں دفعہ 144 نافذ

**انسانی جانوں، املاک، سرکاری انفرااسٹرکچر اور زرعی آبپاشی کے نظام کو شدید خطرات ہیں، محکمہ داخلہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان نے کہا ہے کہ حالیہ مون سون کی بارشوں اور ممکنہ سیلابی ریلوں کے پیش نظر انسانی جانوں، املاک، سرکاری انفرااسٹرکچر اور زرعی آبپاشی کے نظام کو شدید خطرات لاحق ہیں۔ انہی خدشات کے باعث بلوچستان کینال اینڈ ڈرینج آرڈیننس 1980 اور ضابطہ فوجداری کی دفعہ 144 کے تحت فوری اقدامات ناگزیر قرار دیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں محکمہ داخلہ نے ضلع نصیرآباد اور سبی ڈویژن میں نہروں، آبی نالوں، ہیڈ ورکس، بندات یا حفاظتی پشتوں کو کاٹنے، نقصان پہنچانے یا کمزور کرنے، سرکاری حفاظتی اقدامات میں مداخلت کرنے، غیر قانونی طور پر عارضی یا مستقل بندات قائم کرنے، بغیر اجازت مشینی آلات استعمال کرنے، قبضہ کرنے، کچی دکانیں یا مویشیوں کے باڑے قائم کرنے، بلور کس یا پلوں کو بلاک کرنے، بغیر اجازت کشتی رانی یا تیراکی کرنے اور کسی بھی سیلابی کارروائی میں رکاوٹ ڈالنے پر مکمل پابندی عائد کردی ہے۔

## ریاست سستا اور فوری انصاف یقینی بنائے گی، جسٹس گل حسن ترین

**میڈی ایشن، آربٹریشن اور انصاف کے متبادل طریقے آئینی تقاضے کو پورا کرنے کا موثر ذریعہ ہیں، خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ہائی کورٹ بلوچستان کے جج جناب جسٹس گل حسن ترین نے آئین پاکستان کے آرٹیکل 37(d) کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ریاست سستا اور فوری انصاف یقینی بنائے گی میڈی ایشن، آربٹریشن اور دیگر متبادل طریقہ ہائے انصاف اس آئینی تقاضے کو پورا کرنے کا موثر ذریعہ ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے وفاقی وزارتِ قانون و انصاف کے تحت قائم انٹرنیشنل میڈی ایشن اینڈ آربٹریشن سینٹر (IMAC) اور بلوچستان جوڈیشل اکیڈمی کے اشتراک سے دو روزہ ثالثی تربیتی ورکشاپ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ان کا کہنا تھا کہ ADR نہ صرف عدالتوں پر مقدمات کا بوجھ کم کرتا ہے بلکہ فریقین کو تنازعات کے حل کے لیے کم خرچ، تیز اور خوشگوار راستہ فراہم کرتا ہے جس سے عوام کو بروقت انصاف تک رسائی ملتی ہے بلوچستان جوڈیشل اکیڈمی کے ڈائریکٹر جنرل جان محمد گوہر نے نوجوان وکلاء کے لیے اس اقدام کو وقت کی اہم ضرورت قرار دیا ان کا کہنا تھا کہ اس نوعیت کی تربیت نئے وکلاء کو بدلتے ہوئے قانونی تقاضوں کے مطابق تیار کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔

## BISP پروگرامز سے خواتین کو نئے مواقع مل رہے ہیں، کرن بلوچ

**بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن روبینہ خالد سے ملاقات، سینیٹ میں کامیابی پر مبارکباد دی**

اسلام آباد (خ ن) بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی چیئرپرسن روبینہ خالد سے بلوچستان کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن کی چیئرپرسن کرن بلوچ نے ملاقات کی۔ کرن بلوچ نے انہیں سینیٹ میں تیسری مرتبہ کامیابی حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ بی آئی ایس پی کا کفالت پروگرام اور تعلیمی وظائف بلوچستان کی سماجی ترقی کے لیے ایک حقیقی گیم چینجر ثابت ہو رہے ہیں جن سے صوبے کی خواتین اور نوجوانوں کو معاشی خودمختاری اور تعلیمی مواقع میسر آ رہے ہیں۔

CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 04 SEP 2025 Page No. 17

# تباہ کن سیلاب کے اثرات بلوچستان سمیت ملک بھر میں سبزیاں 100 فیصد سے زائد مہنگی

روزمرہ کی سبزیاں ٹماٹر 200، توری اور ٹنڈا 300 روپے کلو میں فروخت ہونے لگا، عوام کی پریشانی میں اضافہ

حکومت سرکاری نرخوں پر عملدرآمد کرائے، مصنوعی مہنگائی کے طوفان سے جینا دوبھر ہوجائے گا، شہریوں کی دہائی

کوئٹہ (نیوز ایجنسی) تباہ کن سیلاب کے اثرات، بلوچستان سمیت ملک بھر میں سبزیاں 100 فیصد سے زائد مہنگی ہوگئیں، رپورٹ کے مطابق سبزیوں کی قیمت میں 100 فیصد سے زائد اضافہ دیکھنے میں آیا، 60 روپے کلو میں فروخت ہونے والے ٹماٹر کی قیمت ........ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

200 روپے کلو تک جا پہنچی، روزمرہ کی سبزیاں توری اور ٹنڈا بھی 200 روپے سے لے کر 300 روپے کلو میں فروخت ہونے لگا شہریوں نے کہا حکومت اور انتظامیہ سبزیوں کے سرکاری نرخوں پر عملدرآمد کرائے، مصنوعی مہنگائی کے طوفان سے جینا دوبھر ہوجائے گا۔

# عوام کے جان و مال کا تحفظ انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، کمشنر کوئٹہ

جلوسوں کے روٹس کو مکمل طور پر سیل کر کے سیکیورٹی اہلکار تعینات کیے جائیں گے جبکہ داخلی اور خارجی راستوں پر چیکنگ کی جائے گی

حالیہ ناخوشگوار واقعے کے بعد سیکیورٹی کی صورتحال انتہائی حساس ہے، اس لیے جلوسوں اور ریلیوں کی تعداد کو کم سے کم رکھا جائے، ہدایت

چہلیل کے پہاڑوں پر درخت لگانے اور انہیں سرسبز و خوبصورت بنانے کیلئے جامع فزیبلٹی رپورٹ مرتب کر کے پلان تیار کیا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد بلوچ، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویژن کلیم اللہ، ایف سی حکام، پولیس افسران، انجمن تاجران کے نمائندے، اہل سنت والجماعت سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اور معززین نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ہر سال کی طرح اس سال بھی عید میلاد النبی ﷺ کا مرکزی جلوس مذہبی عقیدت و احترام کے ساتھ اور ........ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

فول پروف سیکیورٹی کے تحت نکالا جائے گا۔ اس مقصد کے لیے جامع سیکیورٹی پلان ترتیب دے دیا گیا ہے جس پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے کہا کہ عوام کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، لہٰذا جلوس کے روٹس کو مکمل طور پر سیل کر کے پولیس اور ایف سی اہلکار تعینات کیے جائیں گے جبکہ داخلی اور خارجی راستوں پر سخت چیکنگ کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ واقعے کے بعد سیکیورٹی کی صورتحال انتہائی حساس ہے

INTEKHAB QUETTA

# بلوچستان، ممکنہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سامان پہنچا دیا گیا

پیشگی منصوبہ بندی کے وقت پہنچائے گئے امدادی سامان میں خیمے، ادویات صاف پانی اور دیگر اشیائے خورد و نوش شامل، ریسکیو ٹیمیں بھی ہائی الرٹ

فیلڈ اسٹاف اور میڈیکل یونٹس کو بھی الرٹ کر دیا گیا، ضلعی و تحصیل سطح پر کنٹرول روم بھی قائم کر دیئے گئے ہیں، ڈی جی پی ڈی ایم اے

اوستہ محمد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردار زادہ فیصل خان جمالی کی زیر صدارت ضلع اوستہ محمد میں ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے اعلیٰ سطح اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈائریکٹر جنرل پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (PDMA) جہانزیب خان، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ محمد امین مندوخیل، ڈائریکٹر شیخ نوید، ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد رزاق خان نجف، میر ضرار ناصر خان جمالی، لائیو اسٹاک نصیر آباد ڈویژنل ڈائریکٹر سمیت تمام ضلعی آفیسران لائیو اسٹاک ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ ساتھ ایکسی این ایریگیشن غلام مصطفیٰ چانڈیو، ایکسی این پی ایچ ای شکر اللہ، ڈسٹرکٹ سپورٹ بقیہ نمبر 15 صفحہ 5 پر

مینیجر پی پی ایچ آئی میر محمد عثمان جمالی، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شاہ بخش چندرانی، ایگریکلچر آفیسر فرمان علی سوہرو نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ڈی جی پی ڈی ایم اے نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ممکنہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پیشگی منصوبہ بندی کے تحت امدادی سامان، خیمے، ادویات، صاف پانی اور اشیائے خورد و نوش پہنچا دی گئی ہیں۔ ریسکیو ٹیمیں، فیلڈ اسٹاف اور میڈیکل یونٹس ہمہ وقت الرٹ ہیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں بروقت کارروائی کی جا سکے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ضلعی و تحصیل سطح پر کنٹرول رومز قائم کر دیے گئے ہیں اور تمام متعلقہ اداروں کو ہائی الرٹ کر دیا گیا ہے۔ حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کو اولین ترجیح دے رہی ہے اور ہر سطح پر اداروں کے درمیان کوآرڈینیشن کو یقینی بنایا جا رہا ہے صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی نے اجلاس سے خطاب میں کہا کہ بلوچستان حکومت عوامی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے 2022 کے تباہ کن سیلاب میں بھی عوام کے ساتھ کھڑے ہو کر اپنی ذمہ داری نبھائی تھی اور اب بھی اوستہ محمد اور گنداواہ کے عوام کے ساتھ ہیں۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ سردار خاندان ہمیشہ عوام کے دکھ درد میں شریک رہا ہے اور آئندہ بھی خدمت کا سلسلہ جاری رکھے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 3

Dated: 04 SEP 2025 Page No. 18


## حکومت سریاب دھماکے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کرائے، جمعیت

**بزدلانہ اور سفاکانہ کارروائی کا مقصد صوبے میں امن و امان کی فضا کو سبوتاژ کرنا ہے، مولانا شرودی**

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا سعید احمد مولانا مفتی عبدالباقی بزئی مولانا محمد اکرم فیصل مولانا مفتی محمد رضا خان مولانا محمد عثمان پرکانی مولانا حافظ احمد جان ساسولی مولانا قاری نظر محمد حقانی مولانا حاجی محمد مسی مولانا عبدالمجید امین جان رند ملک روز الدین کاکڑ صاحب اللہ خان ایڈووکیٹ عبدالباری شہزاد اور جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمن اور جنرل سیکرٹری حافظ بلال اللہ ... نے بیان میں کہا کہ کوئٹہ میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے جلسے کے دوران ہونے والے بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اس اندوہناک واقعے میں قیمتی جانوں کے ضیاع اور بے گناہ افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ اس مشکل گھڑی میں بی این پی کی قیادت اور کارکنان کے ساتھ ساتھ متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ یہ ایک بزدلانہ اور سفاکانہ کارروائی ہے جس کا مقصد صوبے میں امن و امان کی فضا کو سبوتاژ کرنا ہے۔ ہم بلوچستان کی عوام کو پیغام دیتے ہیں کہ ایسے شرپسند عناصر کے مذموم عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ پوری قوم متحد ہو کر ایسے چیلنجز کا مقابلہ کرے گی انہوں نے کہا کہ صوبائی اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اس واقعے کی مکمل اور شفاف تحقیقات کرائیں اور مجرموں کو جلد از جلد انصاف کے کٹہرے میں لائیں۔

## دہشتگردی کے کسی واقعہ کے ذمہ داروں کو منظر عام پر نہیں لایا گیا، جمیل بگٹی

**بی این پی کے جلسے کے شرکا پر خودکش حملہ قابل مذمت، حکمرانوں کی نالائقی کا ثبوت ہے، بیان**

کوئٹہ (آن لائن) شہید نواب اکبر بگٹی کے صاحبزادے نوابزادہ جمیل اکبر بگٹی نے بی این پی کے جلسے کے شرکا پر خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں، نالائقیوں، نااہلیوں کی وجہ سے آج بلوچستان کے بے گناہ نوجوانوں کے خون سے ایک بار پھر سرزمین کو سرخ کیا جا رہا ہے ہم شہید ہونے والوں کے لواحقین کے اس غم میں برابر شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں نے جب سے اقتدار کی باگ سنبھالی ہے اس وقت سے صوبے میں کشت و خون کی لہر تواتر کے ساتھ جاری ہے ان کی غلط پالیسیوں اور فیصلوں کی وجہ سے بلوچستان میں بسنے والے لوگ محصور ہو کر رہ گئے ہیں، آج تک جتنے بھی دہشت گردانہ واقعات ہوئے ہیں ان میں ملوث ملزمان کو منظر عام پر لا کر کیفر کردار تک نہیں پہنچایا گیا جو حکمرانوں کی نالائقی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

## دہشتگردی کے حقوق سے ہرگز دستبردار نہیں کریں گے، سردار ... مینگل

**شہداء کا مقدس لہو رائیگاں نہیں جانے دیں گے ... [illegible]**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) [illegible]

[illegible]

## سریاب خودکش حملہ بلوچستان کی تاریخ کا ایک اور سیاہ باب ہے، عبدالمالک

**ایسے حملوں کے ذریعے بلوچستان کو عدم استحکام کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، پریس کانفرنس**

تربت (نامہ نگار) نیشنل پارٹی کے قائد اور سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کوئٹہ سریاب روڈ پر سردار عطاء اللہ مینگل کی برسی کے موقع پر بی این پی کے جلسے کے اختتام پر ہونے والے خودکش حملے ... [illegible]

[illegible]

## سریاب دھماکہ جعلی حکومت کی نااہلی کا واضح ثبوت ہے، ایچ ڈی پی

**سیکورٹی کا موثر انتظام نہ ہونا سوالیہ نشان ہے، بیان، پارٹی وفد نے زخمیوں کی عیادت کی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں بی این پی کے جلسے کے موقع پر ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ صوبے کی تمام ... [illegible]

[illegible]

## شاہوانی اسٹیڈیم دھماکہ، نیشنل پارٹی کا تین روزہ سوگ کا اعلان

**حملہ بلوچستان کی قومی جدوجہد کو روکنے کی منظم پالیسی کا تسلسل ہے، بیان**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں سردار عطاء اللہ مینگل کی برسی کے موقع پر جلسہ عام کے بعد ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت اور تین روزہ سوگ کا اعلان کیا گیا ... [illegible]

[illegible]

## بی این پی کے جلسے میں ہونے والا دھماکہ انسانیت سوز سانحہ ہے، میر [illegible]

**معصوم جانیں ضائع ہوئیں، واقعہ حکومت و اداروں کی ناکامی [illegible]**

[illegible]

## حکومت اربوں خرچ کرنے کے باوجود قیام امن میں ناکام ہے، ہدایت الرحمٰن

**7 ستمبر کو یوم ختم نبوت منانے کا اعلان، آئین میں ترمیم [illegible] نہیں کرنے دیں گے، پریس کانفرنس**

[illegible]

## بلوچستان میں امن کی بحالی حکومت کی ترجیح ہونی چاہئے، مولانا واسع

**کہیں بھی حکومت کی عملداری نظر نہیں آرہی، وفد کے ہمراہ اختر مینگل سے ملاقات، دھماکے کی مذمت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور مولانا [illegible]

[illegible]

MASHRIQ QUETTA

# گوادر میں شراب خانوں کیخلاف جماعت اسلامی نے ہائیکورٹ میں پٹیشن دائر کردی

**گوادر میں 95 فیصد آبادی مسلمانوں کی ہے، صرف 5 فیصد اقلیتی برادری کیلئے 5 شراب خانے کھولے گئے**

**شراب خانوں میں اقلیت کے بجائے مقامی آبادی کو شراب بیچا جاتا ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن کا درخواست میں موقف**

گوادر (آن لائن) گوادر میں شراب خانوں کے خلاف مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ہائی کورٹ میں باقاعدہ پٹیشن دائر کر دی تفصیلات کے مطابق گوادر میں شراب خانوں کے خلاف ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ بربراہ ضلع گوادر میں قائم شراب خانوں کے خلاف وکلا پینل کے مشاورت سے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی سربراہی میں عدالت عالیہ میں باقاعدہ پٹیشن دائر کر دیا گیا جس میں استدعا کی گئی کہ گوادر میں 95 فیصد آبادی مسلمانوں کی ہے جبکہ صرف 5 فیصد اقلیتی برادری کے لئے چار سے پانچ شراب خانے کھولے گئے جہاں اقلیت کے بجائے مقامی آبادی کو شراب بیچا جاتا ہے۔ حالانکہ اقلیتی برادری خود ان شراب اسٹوروں سے نالاں ہیں۔

CamScanner

# حب بارشوں کے کئی روز بعد بھی صورتحال خراب، شہری عدالت پہنچ گئے

## جوڈیشل مجسٹریٹ ون حب نے ڈپٹی کمشنر، اے سی، چیئرمین میونسپل کارپوریشن اور چیف افسر کو مشروط حکم نامہ جاری کرتے ہوئے 3 دن کی مہلت دے دی

## عدالت نے تین یوم کی معیاد ختم ہونے پر روبرو پیش ہوکر جواب اور وجوہات بیان اور ریکارڈ کرانے کے احکامات جاری کردیئے

حب (نمائندہ انتخاب) حب مون سون بارشوں کے کئی روز بعد بھی صحت وصفائی کے ناقص انتظامات بارشوں کا پانی اور سیوریج کا گندگی نالیوں میں بہا جانا گندگی سے متعدی وبائی امراض پھیلنے کے خدشہ [illegible] شہری عدالت پہنچ گئے جوڈیشل مجسٹریٹ ون حب نے ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر، چیئرمین میونسپل کارپوریشن اور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن حب کو مشروط حکم نامہ جاری کرتے ہوئے 3 دنوں کی مہلت دے دی اور معیاد ختم ہونے پر عدالت کے روبرو پیش ہوکر جواب اور وجوہات بیان کرنے، ریکارڈ کرانے کے احکامات جاری کردیئے اس سلسلے میں بتایا جاتا ہے کہ گوٹھ کارڈ روڈ سے متصل زہری کالونی بقیہ نمبر 24 صفحہ 5 پر

حب میں صحت وصفائی کے ناقص انتظامات کے حوالے سے ایڈووکیٹ رضا خان آفریدی نے ایڈووکیٹ محمد اسلم مینگل کی توسط سے جوڈیشل مجسٹریٹ ون حب کی عدالت میں درخواست دائر کرتے ہوئے موقف اپنایا کہ مون سون بارشوں کے کئی روز گزرنے کے باوجود بھی علاقے میں متعلقہ محکمے کی جانب سے صفائی ستھرائی کے اقدامات سے گریز کے بارے میں اپنے تحفظات کا اظہار کیا ہے اور موقف اختیار کیا ہے کہ علاقے میں بارش کا پانی اب بھی گلیوں اور سڑکوں پر جمع ہے جبکہ دوسری طرف سیوریج کے ناقص نظام کی وجہ سے گٹروں کا پانی بھی گلیوں میں جمع ہو رہا ہے جس کی وجہ سے رہائشی علاقے میں گندگی اور تعفن پھیلا ہوا ہے دوسری جانب گندگی و تعفن کے نتیجے میں متعدی امراض تیزی سے پھیل رہے ہیں اور علاقہ مکینوں کا اپنے گھروں سے باہر نکلنا محال ہو کر رہ گیا ہے ایڈووکیٹ رضا خان آفریدی کی درخواست کی پیروی ایڈووکیٹ محمد اسلم مینگل کر رہے تھے عدالت نے درخواست کو قابل سماعت قرار دیتے ہوئے گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر، چیف آفیسر اور چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب کے نام پر مشروط حکم نامہ نوٹس جاری کرتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ درخواست گزار کے نشاندہی کردہ علاقے میں 3 دنوں میں صفائی ستھرائی کے کام کو بہتر بنا کر متعلقہ افسران اور چیئرمین عدالت کے روبرو پیش ہوکر رپورٹ اور وضاحت پیش کریں بصورت دیگر سیکشن CR.P(6)133 کے تحت جوابدہوں کے خلاف مستقل اور حتمی حکم جاری کیا جائے گا اور عدالتی حکم عدولی کی صورت میں عوامی نوٹس کے لئے قانونی کارروائی کا آغاز کیا جاسکتا ہے۔ واضح رہے کہ پچھلے دنوں صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری نے بارش کے دوران حب شہر کے مختلف علاقوں کے دورے کے موقع پر نکاسی آب اور صحت وصفائی کے ناقص انتظامات پر لوگوں کی شکایات پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے دعویٰ کیا تھا کہ حب شہر میں صحت وصفائی سمیت بارشوں کے دوران لوگوں کے مسائل کو فوری حل کرنے کیلئے انہوں نے کروڑوں روپے کے فنڈز فراہم کئے ہیں لہٰذا توجہ اور وضاحت طلب یہ بات ہے کہ اگر انہوں نے اس حوالے سے کروڑوں روپے کے فنڈز جاری کئے ہیں تو وہ فنڈز کہاں خرچ کئے گئے [illegible] عوامی مسائل حل کرنے کیلئے فنڈز کا اجراء ہوا ہے اس بات کی بھی وضاحت طلب کی جائے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 04 SEP 2025 Page No. 21


# آواران میں ریموٹ کنٹرول بم دھماکہ، 2 سیکورٹی اہلکار شہید

دھماکہ خیز مواد نامعلوم دہشتگردوں کی جانب سے جھاؤ کے مقام پر نصب کیا گیا تھا، فورسز نے علاقہ کو گھیرے میں لے لیا

شہید رحمت اللہ اور زبیر کی میتیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئیں، مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان کے علاقے آواران میں دھماکے سے 2 سیکورٹی اہلکار شہید ہوگئے ذرائع کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے علاقے آواران میں جھاؤ کے مقام پر نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے تخریب کاری کے لئے نصب کیا گیا دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے 2 سیکورٹی اہلکار زبیر اور رحمت اللہ...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

شہید ہوگئے دھماکے کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ اور سیکورٹی کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی علاقے کو گھیرے میں لیکر شہداء کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد میتیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔ دھماکہ ریموٹ کنٹرول آئی ای ڈی کے ذریعے کیا گیا مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

## کوئٹہ، حوالہ ہنڈی میں ملوث گینگ کے 2 ملزمان گرفتار

33 ملین ایرانی ریال، 2 موبائل فونز اور حوالہ ہنڈی سے متعلق شواہد برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایف آئی اے کرائم سرکل بینکنگ سرکل کوئٹہ بلوچستان زون کے عملے نے حوالہ ہنڈی میں ملوث گینگ کے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

بھاری مقدار میں پاکستانی اور غیر ملکی کرنسی حوالہ ہنڈی سے متعلق شواہد برآمد کرکے ان کے خلاف کارروائی شروع کردی۔ ایف آئی اے ترجمان کے مطابق ڈی جی ایف آئی اے کی ہدایت پر حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزمان کے خلاف کاروائیاں جاری ہے

## دکی: نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص قتل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) دکی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز دکی میں کالج کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے گاڑی پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ایک شخص نصر الدین سکنہ چمن ہلاک ہوگیا

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 04 SEP 2025 Page No. 22

# چوہڑمل روڈ کے تعمیراتی کام میں تاخیر سے دکانداروں کو پریشانی کا سامنا

## سڑک کی دونوں جانب پلازے تعمیر ہونے سے نالیاں بند ہوچکی ہیں متعلقہ حکام نوٹس لیں

**رفیع اللہ پیر علیزئی، محمد اقبال اچکزئی، خیر محمد بڑیچ، عبدالبصیر الکوزئی، انور سومرو اور دیگر کی بات چیت**

کوئٹہ (ار پار پورٹر) کوئٹہ کے چوہڑمل روڈ کی تعمیر ودرست کیلئے کوئی بھی اقدام نہیں اٹھایا جاسکا، روڈ کو تعمیر ودرست کیلئے اکھاڑ دیا ہے تاحال روڈ تعمیر نہ ہوسکی، جسکی وجہ سے قریبی تاجر وکمین سخت پریشان ہے، انہوں نے گورنر اور وزیراعلیٰ بلوچستان سے نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہوئے بتایا ہے کہ، اس سڑک پر بڑے بڑے پلازے بنائے گئے سب نے اپنے حدود پر نالیاں بند کی گئی ہے نالیوں کی بندش کی وجہ سے معمولی بارش ہونے کے بعد سے روڈ پر پانی کا بہاؤ ہوتا ہے گندا پانی کے بہاؤ کی وجہ سے لوگ اپنے دکانوں اور گھروں میں محصور ہو جاتے ہیں اسی طرح نمازیوں کو ادائیگی نماز میں بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، لہذا ہمارا متعلقہ ایم پی اے وگورنر بلوچستان سے نوٹس لینے کی اپیل ہے کہ وہ اس علاقے کا از خود دورہ کرکے لوگوں خصوصاً یہاں کے تاجروں کے مسائل معلوم کرے۔ مشرق سروے ٹیم کے پوچھنے پر رفیع اللہ پیر علیزئی، محمد اقبال اچکزئی، خیر محمد بڑیچ، عبدالبصیر الکوزئی، انور سومرو اور دیگر آمدورفت کرنے والے شہریوں اور مسافروں نے بتایا ہے کہ چوہڑمل روڈ پر نالیاں بند ہونے کی وجہ سے معمولی بارش کے دوران سڑک پر چلنا محال ہوجاتا ہے، تالاب نما پانی کی وجہ سے شہریوں اور قریبی تاجروں کے کپڑے میلے ہوجاتے ہیں قریبی تاجروں نے میٹرو پولیٹن کارپوریشن اور ضلعی انتظامیہ سے درخواست کرتے ہوئے بتایا ہے کہ چوہڑمل روڈ اور فغان روڈ پر دونوں اطراف میں نالیاں بنائی جائے پہلے تو بارش کے دنوں ہمیں گندا پانی تنگ کررہا تھا اب نئے نئے پلازے بنانے کے بعد سے بغیر کسی بارش کے نالیوں کا گندا پانی سڑکوں پر بہہ رہی ہے۔ لہذا انتظامیہ نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر سنجیدہ اقدامات وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بصورت دیگر یہاں کے تاجر برادری سخت احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 6 Dated 04 SEP 2025 Page No. 23

# بلوچستان خودکش حملہ

وطن عزیز ایک عرصہ سے دہشت گردی کی زد میں ہے۔ خاص طور پر صوبہ پختونخوا میں فتنہ الخوارج اور بلوچستان میں فتنہ الہندوستان اپنے سہولت کاروں کے ذریعے سرگرم عمل ہیں اور آئے دن کوئی نہ کوئی واقعہ یا حادثہ رونما ہوجاتا ہے، جس میں بیش قیمت انسانی جانیں تلف ہوجاتی ہیں۔ ایسا ہی ایک سانحہ بلوچستان میں سریاب روڈ پر شاہوانی اسٹیڈیم کے قریب خودکش حملے میں ایک پولیس اہلکار سمیت 14 افراد شہید، سابق ایم پی اے سمیت 33 افراد شدید زخمی ہوگئے۔ خودکش حملہ آور نے سردار اختر مینگل، محمود خان اچکزئی، اے این پی رہنما اصغر اچکزئی سمیت دیگر رہنماؤں کی گاڑیوں کے قریب خود کو دھماکے سے اڑا لیا۔ گورنر بلوچستان جعفر مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واقعے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ انسانیت دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی ہے۔ سب کے علم میں ہے کہ پاکستان میں ہونیوالی دہشت گردی کے پیچھے بھارت ہے۔ حال ہی میں منعقد ہونیوالے شنگھائی تعاون تنظیم میں بھی بھارت کی ان مذموم حرکات کا ذکر کیا گیا۔ دراصل 10 مئی 2025 کو بھارت کو پاکستان کے ہاتھوں جس ذلت آمیز شکست کا سامنا کرنا پڑا اس کے بعد بھارت کی پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیاں غیر متوقع نہ تھیں۔ ایسا بھی نہیں کہ ہمارے جری ادارے اس سے بے خبر تھے، چنانچہ بہت سے خوارج کو ایسی کارروائیوں سے قبل اور دوران واصل جہنم کیا گیا۔ دراصل ایسی جنگ سب سے زیادہ مشکل ہوتی ہے جس میں ''اپنے'' ملوث ہوں اور ان کو اندرون ملک سے ہی سہولیات بھی میسر ہوں۔ اس کے باوصف افواج پاکستان نے اپنی پیشہ ورانہ مہارت اور فطری بہادری سے یہ جنگ جیتی اب باقیماندہ عناصر کو بھارت نے پھر سے فعال کیا ہے تو ان شااللہ ان کا ٹھکانہ بھی جہنم ہی ہوگا۔ پاکستان کو البتہ اس حوالے سے ایک مربوط حکمت عملی کی ضرورت ہے کہ یہ گند ایک ہی بار ایسا صاف کیا جائے کہ اس کا نشان تک باقی نہ رہے۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 04 SEP 2025 Page No. 24


# دہشت گردی کی کارروائیاں

کوئٹہ سریاب روڈ پر شاہوانی اسٹیڈیم کے قریب خودکش حملے میں ایک پولیس اہلکار سمیت 14 افراد شہید، سابق ایم پی اے سمیت 33 افراد شدید زخمی ہو گئے، تاہم سیاسی قائدین معجزانہ طور پر محفوظ رہے۔ دوسری جانب بنوں میں سیکیورٹی فورسز نے وفاقی کانسٹیبلری ہیڈکوارٹر پر بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کا دہشت گرد حملہ ناکام بنا دیا، فائرنگ کے تبادلے میں پانچ دہشت گرد ہلاک جب کہ چھ جوان شہید ہو گئے۔

بلاشبہ بھارت اپنی دہشت گرد پراکسیز فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے ذریعے خطے اور پاکستان میں عدم استحکام پیدا کرنا چاہتا ہے، پاکستان خطے میں امن کا داعی اور علمبردار ہے لیکن بھارت سرکار پاکستان کے ساتھ جنگی جنون میں مبتلا ہے۔ مودی سرکار نے عملاً دو مرتبہ پاکستان پر جنگ مسلط کرنے کی کوشش کی لیکن اسے دونوں مرتبہ ہزیمت اٹھانا پڑی ہے۔ ہماری مسلح افواج کی تیاریوں اور مہارت نے ہندو سرکار کو اس کے منصوبوں کو عملی شکل نہیں دیکھنے دی ہے انھیں مکمل اور واضح شکست سے ہمکنار کیا ہے۔ بھارت پراکسی وار میں مزید شدت لا رہا ہے۔ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان جیسے ایجنٹوں کے ذریعے دہشت گردانہ کارروائیوں کے ذریعے پاکستان کو عدم استحکام کا شکار بنایا جا رہا ہے۔ چین کے شہر تیانجن میں شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہی اجلاس نے پاکستان اور بھارت میں حال ہی میں ہونے والے دہشت گرد حملوں کی مذمت کی ہے اور دنیا کے تمام ممالک کے درمیان انسانی بنیادوں پر وسیع تر تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ چین کے صدر شی جن پنگ نے باہمی احترام، مساوات و تعاون کے اصولوں پر مبنی عالمی نظام استوار کرنے کی بات کی۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے اعلامیے میں انتہا پسند و علیحدگی پسند گروہوں کو کسی خاص مقصد کے لیے استعمال کرنے سے گریز کا مشورہ دیا گیا ہے۔ پاکستان بھی بلوچستان میں مسلح علیحدگی پسندی کے حوالے سے اسی نکتے پر زور دیتا رہا ہے۔ اس کا الزام ہے کہ علیحدگی پسند بلوچ گروہوں کو بھارتی ایجنسیوں کی براہ راست حمایت حاصل ہے تاکہ وہ انھیں پاکستان میں انتشار، بدامنی اور بدانتظامی کے لیے استعمال کر سکے۔ یہی اصول ایس سی او کے اعلامیہ میں واضح ہونے سے پاکستانی موقف کو تقویت ملی ہے۔ بھارت کی طرف سے پاکستان پر مقبوضہ کشمیر میں علیحدگی پسند گروہوں کی مدد کا الزام لگایا جاتا تھا لیکن پاکستان طویل عرصے سے اس طریقہ کو مسترد کر چکا ہے۔

حال ہی میں میڈیا نے دیکھا کہ فتنہ الہندوستان کے درجنوں دہشت گردوں نے خود سرینڈر کیا ہے۔ بھارت کس طرح بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کی سرپرستی، فنڈز کی فراہمی اور منصوبہ بندی کر رہا ہے اور کارروائیاں روزانہ کی بنا پر جاری ہیں۔ 21 مئی کو معصوم بچوں پر بزدلانہ حملہ کیا گیا۔ یہ بھارت کا دہشت گرد چہرہ اور فتنہ الہندوستان کا ظالمانہ اور حقیقی چہرہ ہے۔ خضدار میں حملہ بھارت کے حکم پر فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے کیا اس میں انسانیت، اخلاقیات، بلوچی اقدار اور پاکستانیت نہیں ہے۔ کچھ عرصہ قبل اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ جاری ہوئی جس کے مطابق ٹی ٹی پی کے دہشت گرد جو پے در پے پاکستان پر حملے کر رہے ہیں، انھیں براہ راست کابل سے مالی اور لاجسٹک مدد ملتی رہتی ہے۔ اس رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ''افغانستان میں ٹی ٹی پی کی حیثیت اور طاقت میں کوئی تبدیلی نہیں آئی ہے۔'' پاکستانی حکام مسلسل افغان حکومت پر زور دے رہے ہیں کہ وہ ان دہشت گردوں کو لگام دے لیکن اُن پر جوں تک نہیں رینگ رہی۔ اگر ہم پچھلے دس پندرہ برسوں پر اگر نظر دوڑائیں تو پاکستان نے وہ وقت بھی دیکھا جب کوئی دن دھماکے سے خالی نہیں جاتا تھا، اسکول، اسپتال، بس اسٹاپ، ریلوے اسٹیشن، بازار حتیٰ کہ مساجد تک ان سفاک دہشت گردوں کے حملوں سے محفوظ نہ تھے، لیکن سلام ہو ہماری بہادر افواج پر جس نے بڑی دلیری سے اس ناسور کا مقابلہ کیا اور انھیں شہر، دیہات اور قصبوں سے نکال کر سرحد پار دھکیل دیا، آج ہمارے کھیل کے میدان آباد ہیں، معیشت مستحکم ہو چکی ہے، شرح سود اور مہنگائی میں کمی آ رہی ہے، روپے کی قیمت میں ٹھہراؤ آ چکا ہے، یہ ساری کامیابی دہشت گردوں اور اُن کے سہولت کار ممالک کو ہضم نہیں ہو رہی ہیں۔

اس بارے میں کسی کو شک نہیں ہونا چاہیے کہ بھارت میں ایک کٹر بنیاد پرست ہندو حکومت قائم ہے۔ ہندو تعصب کی جڑیں معاشرے میں گہری ہیں، ہندوتوا کا نظریہ کوئی خالی خولی نعرہ نہیں ہے بلکہ ایک زندہ و جاوید فکر ہے جس کے سائے میں اس کی گھن گرج میں کئی نسلیں پل بڑھ چکی ہیں۔ ہندوتوا، ہندو معاشرے میں اپنی جڑیں رکھتا ہے۔ اس کی طویل تاریخ ہے ہندوتوا کیا ہے؟ سادہ الفاظ میں یہ ہندو قوم پرستی اور ہندو بالادستی کا نظریہ ہے جس کے مطابق اس نظریے کے ماننے والے بھارت کو ایک کٹر ہندو ریاست بنانے کا عزم رکھتے ہیں۔ آج بھارت کے سیاسی منظر پر یہ نظریہ عملاً ایک نظام کا روپ دھار چکا ہے۔ نریندر مودی اسی فکر کا پرچارک ہے۔ اس کی ذہنی ساخت اسی فکر و عمل میں ڈھلی ہوئی ہے۔ ہندوستان کو ہندو ریاست بنانے کے فکری و عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ عمومی طور پر مسلمان ہی ہندو قوم پرستی کا نشانہ بن رہے ہیں۔ مسلمانوں نے ہندوستان پر صدیوں حکمرانی کی ہے۔ بھارت ماتا کی ہزاروں سالہ تاریخ میں یہ پہلا واقعہ ہے کہ کوئی مذہب یہاں پھل پھول سکا ہے ورنہ یہاں جو بھی آیا ہندو معاشرے میں ضم ہو گیا۔ ہندو ازم کے گورکھ دھندوں میں الجھا اور پھر گم ہو گیا۔ اسلام نے یہاں اپنا رنگ دکھایا۔ فکر پروان چڑھائی، ہندو معاشرے پر غلبہ پایا۔ فکری طور پر ہی نہیں بلکہ تہذیبی اور سیاسی طور پر بھی حاکمیت قائم کی۔ یہ بات ہندو بھولا نہیں ہے کہ اسلام فکری طور پر ایک غالب طرز زندگی ہے اور مسلمان سیاسی طور پر غالب قوم ہیں۔ پاکستان دنیائے اسلام کی سب سے بڑی مملکت تھی جسے 1971 میں بھارت نے دو حصوں میں تقسیم کر دیا اور وہ پانچویں نمبر پر چلا گیا لیکن اب بھی پاکستان کے پاس عالم اسلام کی واحد ایٹمی طاقت ہونے کا اعزاز ہے۔ بھارت نے قیام پاکستان کے روز اول سے ہی پاکستان کو دل سے تسلیم نہیں کیا ہے اور اسے نقصان پہنچانے، کمزور کرنے اور ختم کرنے کی کاوشیں کی جاتی رہی ہیں۔ پاکستان ہمیشہ دفاعی پوزیشن میں کام کر رہا ہے، ہم نے کبھی ان معاملات میں لیڈ لینے کی کوشش نہیں کی ہے۔ ہم بھارتی منصوبہ سازی کو دیکھتے ہوئے اپنی حکمت عملی بناتے ہیں۔

شنگھائی تعاون تنظیم کے حالیہ اجلاس نے دہشت گردی اور انتہا پسندی ختم کرنے کے لیے مل جل کر کام کرنے کا اصول واضح کر کے خطے کے ممالک کو ایک نایاب موقع فراہم کیا ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ رکن ممالک ہر قسم اور ہر مظہر میں دہشت گردی کی سخت مذمت کرتے ہیں، اور اس بات پر زور دیتے ہیں کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں دہرا معیار ناقابل قبول ہے اور عالمی برادری سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اقوام متحدہ کے مرکزی کردار کے ساتھ مل کر دہشت گردی کے خلاف جنگ کرے، بشمول دہشت گردوں کی سرحد پار نقل و حرکت، اور متعلقہ سلامتی کونسل کی قراردادوں اور اقوام متحدہ کی عالمی انسداد دہشت گردی حکمت عملی کو اقوام متحدہ کے چارٹر اور بین الاقوامی قانون کے اصولوں کے مطابق مکمل طور پر نافذ کرے۔ رکن ممالک بین الاقوامی دہشت گردی پر ایک جامع کنونشن کو متفقہ طور پر اپنانے کی اہمیت پر زور دیتے ہیں۔ اس وقت بیرون ملک سے آپریٹ ہونے والے سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے نوجوان نسل کے ذہنوں کو پراگندا کیا جا رہا ہے، بدقسمتی سے ہماری کچھ سیاسی جماعتیں بھی ان کے مذموم مقاصد میں استعمال ہو رہی ہیں، ہماری نوجوان نسل کو سمجھنا ہوگا کہ کہیں وہ کسی کے مذموم سیاسی عزائم کا ایندھن تو نہیں بن رہے؟ کہیں اُن کے اس عمل سے دہشت گردوں کو فائدہ تو نہیں ہو رہا اور ہماری سیاسی جماعتیں بھی ہوش کے ناخن لیں، اپنے وقتی سیاسی مفاد کے بجائے اس ملک کا سوچیں۔ اپنے کارکنوں کو ایجوکیٹ کریں۔

تاریخی طور پر، جہاں قومیں متحد ہو کر انتہا پسندی کا مقابلہ کر چکی ہیں، وہاں شعور، طاقت اور کوشش کے ملاپ نے کامیابی دی ہے۔ اس میں پاکستانی قوم بھی قطعی طور پر کسی طور پیچھے نہیں ہے، ہم نے دشواری کے باوجود اپنی جڑیں مضبوط رکھی ہیں۔ آج بھی ہمیں اس ویژن کی بنیاد پر قدم بڑھانے کی ضرورت ہے، ایک ایسے ملک کی بنیاد پر جہاں دہشت گردی کا کوئی جگہ نہ ہو۔

دہشت گردی کا خاتمہ محض اندرونی سطح پر ہی نہیں بلکہ بین الاقوامی تعاون کے بغیر بھی مکمل نہیں ہو سکتا۔ ہم اپنے ہمسایہ ممالک، خطے کی قوتوں، اور عالمی اداروں کے ساتھ انٹیلی جنس شیئرنگ، سرحدی نگرانی، مالیاتی تحفظ، اور دہشت گرد تنظیموں کی فنڈنگ کی روک تھام میں مربوط کوششیں جاری رکھیں۔

دہشت گردی کے خلاف جنگ ایک لمبا سفر ہے، جس میں کبھی کامیابی، کبھی ناکامی، کبھی امید اور کبھی مایوسی کا سامنا ہو سکتا ہے، لیکن اگر ہمارا عزم پختہ ہو اور ہماری حکمتِ عملی جامع ہو تو وہ دن ضرور آئے گا جب پاکستان امن، استحکام، ترقی اور خوشحالی کا گہوارہ بنے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: AZADI QUETTA
Bullet No. 6
Dated: 04 SEP 2025
Page No. 28

## بی این پی کے جلسہ میں دھماکہ، سیاسی انتشار وانارکی پھیلانے کی سازش!

بلوچستان کے دارالخلافہ کوئٹہ میں منگل کے دن بلوچستان نیشنل پارٹی کے جلسہ گاہ کے باہر بم دھماکے میں 15 افراد جان سے گئے اور 30 سے زائد افراد زخمی ہوئے ہیں۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان کے مطابق سریاب روڈ پر واقع شاہوانی اسٹیڈیم کی کار پارکنگ میں اس وقت دھماکہ ہوا جب جلسہ ختم ہوا اور پارٹی کارکنان اسٹیڈیم سے باہر نکل رہے تھے۔ بی این پی کی جانب سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ حملہ خودکش لگتا ہے تاہم سرکاری طور پر اس کی تصدیق نہیں ہوسکی۔ دھماکے کے وقت بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی اور دیگر پارٹیوں کے رہنما جلسہ گاہ سے نکل چکے تھے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کے مطابق حکومت نے شاہوانی اسٹیڈیم میں دھماکے کی تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ منگل کو بلوچستان نیشنل پارٹی کے بزرگ اور ممتاز قوم پرست رہنما سردار عطاءاللہ مینگل کی برسی کے موقع پر جلسہ عام کا انعقاد کیا گیا تھا۔ جلسے میں بلوچستان کے مختلف پارٹیوں کے سربراہ اور نمائندے شریک تھے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کوئٹہ میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے جلسے کے باہر ہونے والے دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور دھماکے میں ملوث عناصر کی نشاندہی کر کے انہیں قرار واقعی سزا دلائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد بلوچستان کے امن اور ترقی کے دشمن ہیں اور معصوم شہریوں پر بزدلانہ حملے کسی صورت برداشت نہیں کیے جاسکتے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بھی شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ انسانیت دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے، ہسپتال انتظامیہ اور طبی عملے کو الرٹ رہنے اور زخمیوں کے علاج میں کوئی کوتاہی نہ برتنے کی ہدایت کی ہے۔ بہرحال بلوچستان میں امن وامان کا مسئلہ ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے جس سے حکومت بلوچستان نمٹنے کی کوشش کررہی ہے۔ قیام امن کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، بی این پی جلسے کے علاوہ بھی بدامنی کے دیگر واقعات کا مقصد بلوچستان میں عدم استحکام پھیلانا ہے تاکہ صوبے کے نہ صرف امن کو خراب کیا جائے بلکہ ترقی کے عمل کو بھی روکا جائے۔ موجودہ نازک حالات میں تمام سیاسی جماعتوں کو بلوچستان میں قیام امن اور دہشتگردی کے خاتمے کیلئے ایک پیج پر ہونا ضروری ہے۔ بی این پی کے جلسے میں دھماکے سے یہ واضح ہوتا ہے کہ دہشت گرد صوبے میں افراتفری وانارکی پھیلا کر سیاسی جماعتوں کے درمیان اختلافات پیدا کرنے کی سازش کررہے ہیں، اس سازش کو ناکام بنانے کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو بلوچستان میں امن کی بحالی کیلئے مشترکہ کوششیں کرنا ہونگی، سیاسی اختلافات سے بالاتر ہوکر صوبے میں امن کی بحالی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ بلوچستان کے عوام نے بدامنی کی وجہ سے بہت زیادہ نقصان اٹھایا ہے اب مزید بلوچستان بدامنی کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ بی این پی جلسے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر سب کو صدمہ ہے، یہ بھی شکر ہے کہ اس واقعے میں بلوچستان کی قیادت محفوظ رہی اگر قیادت کو نقصان پہنچتا تو یقیناً صورتحال مزید خراب ہوسکتی تھی دہشتگرد اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوئے۔ بلوچستان کو مزید سانحات سے بچانے کیلئے حکومت بلوچستان اور بلوچستان کی تمام سیاسی جماعتوں کو ملکر کام کرنا چاہیے تاکہ صوبے سے بدامنی کا خاتمہ ہو اور صوبہ ترقی وخوشحالی کی جانب گامزن ہوسکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 04 SEP 2025

Page No. 28

## صوبے کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی ہمارا عزم

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ جب سے میر سرفراز بگٹی نے وزارت اعلیٰ کا منصب سنبھالا ہے وہ صوبے اور اس کی عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔اس سلسلے میں انہوں نے عوام کے بڑے دیرینہ مسائل حل کئے ہیں ۔اس طرح صوبے کے حوالے سے انہوں نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ یہاں سب کچھ ٹھیک ہوجائے۔جہاں تک ترقیاتی منصوبوں کا تعلق ہے تو اس ضمن میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ یہ جلد از جلد مکمل ہوں اور ان میں شفافیت بھی ہو۔

گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رکن صوبائی اسمبلی ظفر آغا کی دعوت پر پشین کے علاقے کربلا کا دورہ کیا۔وہاں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے تمام علاقوں کی یکساں ترقی ہمارا عزم اور عوامی خدمت نصب العین ہے صوبے کے کسی بھی حصے کو محرومی کا شکار نہیں ہونے دیں گے۔بلوچستان کے مسائل سنگین اور وسائل محدود ہیں لیکن ہم نے عزم کیا ہے کہ اپنے قدرتی وسائل کو عالمی سرمایہ کاری اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے بروئے کار لائیں تاکہ صوبے کی تقدیر بدلی جاسکے۔

اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے کربلا اور گردونواح کے عوام کے لیے اہم ترقیاتی اقدامات کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ کربلا کو تحصیل کا درجہ اور کربلا کے ہسپتال کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال اور اسے انڈس ہسپتال کے نظام کے تحت چلایا جائے گا۔اس طرح ایک نیا انٹر کالج بھی قائم کیا جائے گا۔انہوں نے واضح کیا کہ میرے لیے اپوزیشن اور حکومت کی تفریق معنی نہیں رکھتی پورا بلوچستان میری ترجیح ہے۔پاکستان پیپلز پارٹی کا منشور عوامی خدمت ہے اور ہم اس عزم پر قائم ہیں۔پاکستان میں ہی عظمت ہے یہ ملک ہے تو ہم ہیں اور ملک کی خدمت وفاداری ہی ہمیں عزت وکامیابی دلوائے گی۔

ہم سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کا کربلا میں ایک عوامی اجتماع سے خطاب اور اس میں مذکورہ خیالات کا اظہار اور کربلا اور دیگر علاقوں کے عوام کے لیے اہم ترقیاتی اقدامات کا علان قابل تعریف اقدام ہے۔ان کا یہ اقدام تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔انہوں نے یہ سب کچھ کر کے ثابت کر دیا ہے کہ وہ اپوزیشن اور حکومت میں تفریق نہیں رکھتے ۔وہ اپوزیشن سے تعلق رکھنے والے اراکین اسمبلی کے ساتھ کوئی الگ برتاؤ نہیں رکھ رہے جو کہ اس سے قبل رکھا جاتا رہا ہے۔اپوزیشن کو اکثر یہ شکایتیں ہوتی تھیں کہ حکومت ان کو فنڈز تک نہیں دے رہی جس کے باعث وہ اپنے علاقوں میں ترقیاتی کام نہیں کرواسکتے جب کہ ان کے حلقے کے لوگ اپنے مسائل کا حل اور ترقیاتی کام چاہتے ہیں۔میر سرفراز بگٹی نے اس تفریق کو ختم کر کے اولین مقصد صوبے اور عوام کی ترقی کا ہونا ثابت کر دیا ہے۔گزشتہ دنوں واشک میں ترقیاتی کام کروانے پر وہاں کے رکن اسمبلی میر زاہد ریکی نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو اجلاس میں ہار پہنایا تھا جس پر ان کی پارٹی جمعیت علمائے اسلام نے شوکاز نوٹس بھی دیا تھا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 04 SEP 2025 Page No. 27

# Quetta attack

The suicide bomb attack at Shahwani Stadium in Quetta, which tragically claimed the lives of 14 workers of the Balochistan National Party (BNP) and left scores more wounded, is a barbaric act of terror that must be condemned in the strongest possible terms. While it is a great relief that BNP chief Sardar Akhtar Mengal, alongside other political leaders including Mehmood Khan Achakzai and National Party leadership, escaped unharmed, the attack is a chilling reminder of the persistent and sinister forces working to destabilize Balochistan and stifle its political progress. This heinous act, which occurred as the public gathering was concluding, was not a random eruption of violence. It was a targeted assault on the very foundation of political expression and democratic discourse in the province. The fact that the bomber struck a political rally shows a clear intent to instill fear and prevent the flourishing of a political setup in Balochistan. The provincial government's failure to ensure the security of this public gathering is a matter of grave concern. It raises serious questions about the effectiveness of the security apparatus and its ability to protect citizens and political leaders. The people of Balochistan have a right to assemble, to express their views, and to participate in the political process without the constant fear of being targeted by terrorists. The state's primary responsibility is to protect its citizens, and in this instance, it has fallen short. The attack on the BNP gathering also highlights the insidious agenda of anti-state elements. These forces do not want to see a stable, prosperous, and politically vibrant Balochistan. By targeting political leaders who advocate for the rights of the Baloch people through peaceful, democratic means, they are trying to prove that dialogue and political engagement are futile. There is a need of proactive strategy that goes beyond reactive measures. This includes strengthening intelligence gathering, enhancing the security of public spaces and political gatherings, and dismantling the networks of these terrorist organizations. The leadership of Balochistan, and indeed of Pakistan, must unite to formulate a strategy that not only counters violence but also builds trust and provides a pathway for a peaceful and just resolution of the province's issues. The blood of the 14 innocent BNP workers must not have been shed in vain. Their sacrifice must serve as a catalyst for change. The attack on the BNP leadership is a challenge to the entire political system of Pakistan. It is a moment for all political parties to stand together, to show a united front against the forces of darkness, and to reaffirm their commitment to democracy and peace.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 04 SEP 2025

Page No.



چیف سیکرٹری شکیل قادر بلوچستان کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری شکیل قادر خان بلوچستان کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے گورننگ باڈی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں